ICI PAKISTAN LTD.

# ہمقدم


آئی سی آئی پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ

جلد نمبر ۶ شمارہ نمبر ۱ جنوری تا جون ۲۰۱۶


A Part of YBG




## World Environment Day

**For a Better Environment**

صاف ماحول، تازہ ہوا

عید مبارک

## چیئرمین بورڈ آف ڈائیریکٹرز آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ

# جناب محمد سہیل ٹبا کا دورہ سوڈا ایش بزنس











چیئرمین بورڈ آف ڈائیریکٹرز آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ جناب محمد سہیل ٹبا 02 جنوری 2016 بروز ہفتہ دوروزہ دورے پر سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ تشریف لائے۔ اپنے اس دورے کے دوران انھوں نے ونگٹن کلب کا دورہ کیا اور کلب کمیٹی کے اراکین سے ملاقات کی۔ اس موقع پر سوڈا ایش ورکس مینیجر' محمد عمر مشتاق بھی ان کے ہمراہ تھے دوسرے دن چیئرمین نے ونگٹن اسکول' اسپتال اور لیڈیز ویلفیئر سینٹر کا دورہ کیا۔ ونگٹن اسکول کے پرنسپل ملک جمال نے اسکول کے تعلیمی نظام اور کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے انھیں بریفنگ دی۔ ڈاکٹر محمد راشد خان نے ونگٹن اسپتال کی ایمپلائز اور کھیوڑہ کمیونٹی کیلئے خدمات' اسپتال میں موجود جدید سہولیات اور ہمارے مشہور ماہانہ آئی کیمپ کے بارے میں چیئرمین کو تفصیل سے آگاہ کیا۔ انھوں نے حال ہی میں نو تعمیر شدہ لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی نئی بلڈنگ کا بھی دورہ کیا۔ انھیں بتایا گیا کہ یہ سینٹر 1970 سے کھیوڑہ میں قائم ہے اور مقامی خواتین کو سلائی کڑھائی اور کوکنگ کے متعلق ہنر سکھا رہا ہے۔ انھیں بتایا گیا کہ اب تک 1200 سے زائد طالبات اور خواتین یہاں سے یہ ہنر سیکھ چکی ہیں جن میں سے بہت سی اپنے گھر کے اخراجات میں حصہ بٹاتی ہیں. چیئرمین نے لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی طالبات سے گفتگو بھی کی اور ان کی بنائی ہوئی اشیاء میں گہری دلچسپی ظاہر کی اور ان کی کارکردگی کو بے حد سراہا۔ بعد ازاں چیئرمین محمد سہیل ٹبا نے سوڈا ایش پلانٹ کا بھی دورہ کیا اور مختلف جاری توسیعی منصوبے دیکھے۔ انھوں نے مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ "میرا کھیوڑہ کا یہ دلچسپ دورہ تھا یہاں پر جاری کمپنی کے فلاحی منصوبے مقامی کمیونٹی کیلئے اچھی سی اچھی سہولیات مہیا کر رہے ہیں جبکہ کاروبار کی ترقی اور اضافے کیلئے توسیعی منصوبے ملک کی معیشت اور مقامی افراد کیلئے معاشی آسودگی اور روزگار کے حامل ہیں یہاں پر موجود تمام افراد ایک نہایت شاندار ٹیم ورک کا مظاہرہ کر رہے ہیں جس کی وجہ سے آئی سی آئی پاکستان کو اس علاقے میں نہایت اہمیت دی جاتی ہے جس کی مجھے بے حد خوشی ہے"۔

# چیف ایگزیکٹو کا خطاب



آصف جمعہ چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان نے 29 فروری 2016 کو مزنگ آفس لاہور سے آئی سی آئی پاکستان کی تمام لوکیشنز پر موجود اسٹاف سے خطاب کیا اور کمپنی کی مالی سال 16 - 2015 کے دوران پہلے چھ ماہ کی کارکردگی اور جاری منصوبوں کے بارے میں اعتماد میں لیا۔ ان کے خطاب کا موضوع تھا منزلِ مقصود (Destination) جو کہ ہم نے سال 2012 میں پانچ سالوں میں تین گنا منافع میں اضافہ اور اخراجات میں کمی (3 x in 5) کا ہدف طے کیا تھا۔

حسب معمول کمپنی کی اقدار اور سیفٹی کی کارکردگی کے بارے میں بات کرنے کے بعد انھوں نے مجموعی طور پر کمپنی کی مالیاتی کارکردگی کے بارے میں شرکاء کو بتایا۔ انھوں نے خاص طور سے سوڈا ایش اور کیمیکلز کی بہترین کارکردگی کا ذکر کیا جبکہ نٹریکو میں پیش رفت پر اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔ انھوں نے شرکا کو بتایا کہ فرنس آئل اور کوئلے کی قیمتوں میں کمی کی وجہ سے ہمارے سوڈا ایش اور پولیسٹر کو بہت فائدہ ہوا ہے اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے بتایا کہ نیشنل ٹیرف کمیشن نے پولیسٹر پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی لگادی ہے جو کہ مقامی پولیسٹر انڈسٹری کی بہتری میں مثبت کردار ادا کریگی۔ کمپنی کی مجموعی کارکردگی بتانے کے بعد چیف ایگزیکٹو نے انفرادی بزنسز کی کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے شرکا کو بتایا۔ سوڈا ایش میں جاری توسیعی منصوبوں کے بارے میں انھوں نے تعمیراتی کام اور نئے کول فائرڈ بوائلر نمبر 4 اور 3 لائم اسٹون شیڈ اور کول کنویئر ریفائنڈ سوڈیم بائی کاربونیٹ، نئے توسیع شدہ وئیر ہاوس، لائٹ اور ڈینس ایش کے توسیع منصوبوں پر تعمیراتی کام کی رفتار سے آگاہ کیا۔

پولیسٹر بزنس کی کارکردگی کے بارے میں بتاتے ہوئے انھوں نے کہا کہ توانائی اور ڈمپنگ کے مسائل کے باوجود بزنس اپنی کارکردگی کو بہتر کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس سلسلے میں انھوں نے پولیسٹر کی نئی پروڈکٹ بلیک فائبرز کا خاص طور سے ذکر کیا جس کو تجرباتی مرحلے کی کامیابی کے بعد باقاعدہ پروڈکشن میں شامل کرلیا گیا ہے اور کسٹمرز کی جانب سے بلیک فائبر کا بہت مثبت اور حوصلہ افزاء جواب آیا ہے جو یقیناً بزنس کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ انھوں نے پولیسٹر اور پاور جن کے بھی توسیع منصوبوں کے بارے میں شرکاء کو اعتماد میں لیا۔

لائف سائنسز بزنس کی کارکردگی کے بارے میں بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ہمارے اس بزنس کے تینوں ڈویژن نہایت عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں اور ہر وقت ایک دوسرے پر سبقت لے جانے میں لگے رہتے ہیں جو کہ نہایت خوشی کی بات ہے۔ اس حوالے سے انھوں نے کراچی میں نیوٹریسکلز پلانٹ اور لاہور میں اینمل ہیلتھ پلانٹ پر پیداواری عمل شروع ہونے کے بارے میں شرکاء کو بتایا۔ انھوں نے بتایا کہ ہم مستقبل میں ان پلانٹس پر ٹول مینوفیکچرنگ کی سہولت مہیا کرنے پر بھی غور کر رہے ہیں۔

کیمیکلز بزنس کے بارے میں بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ بزنس کے پی یو کے شعبے نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے جو کہ 23% بجٹ سے زیادہ اور 58% گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں زیادہ ہے۔ اگرچہ کہ جنرل کیمیکلز کی کارکردگی معمولی متاثر ہوئی لیکن اسپیشیلٹی کیمیکلز کی بھرپور منافع بخش کارکردگی نے اس کو بڑی خوبصورتی سے اپنے اندر سمولیا اور بزنس کی کارکردگی کو متاثر نہیں ہونے دیا۔

اس موقع پر انھوں نے اسٹاف کی استعداد اور کارکردگی میں اضافے کیلئے منعقد کیے جانے والے تربیتی پروگراموں کے بارے میں بھی تفصیل سے بات کی جس میں خاص طور سے انگیجمنٹ سروے (IMPOWER) کا ذکر کیا۔

آج کل کے دور میں جدید ٹیکنالوجی کے حصول کے بغیر کام کرنا مشکل ہے۔ وہی ادارے کامیاب کہلاتے ہیں جو اپنے آپ کو ٹیکنالوجی کے حساب سے اپ ڈیٹ رکھتے ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان کا بھی ایسے ہی اداروں میں شمار ہوتا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ ہم نے سیپ پروگرام (SAP) سال 2004 میں شروع کیا اور ہم اس کو مسلسل اپ ڈیٹ کرتے رہتے ہیں۔ ابھی حال ہی میں ہم نے ایچ آر کے حوالے سے ایک ایک نیا ورژن خریدا ہے جو کہ ہمارے ایچ آر ڈیپارٹمنٹ اور لوگوں کی کارکردگی بہتر بنانے میں یقیناً کارآمد ثابت ہوگا۔

نیٹریکو پاکستان کے بارے میں انھوں نے بتایا کہ بزنس عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کررہا ہے۔ شیر خوار بچوں کا فارمولا دودھ بی ایف 3 (BF3 Formula Milk) جنوری سے اپریل 2016 کے دوران ایک بلین سیلز کے سنگ میل کو عبور کرچکا ہے اور یہ کارکردگی صرف ڈھائی سال کے قلیل عرصے کی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اسی برانڈ کی مزید پروڈکٹس بھی جلد ہی مارکیٹ میں آنے والی ہیں۔

کمیونٹی کے فلاحی منصوبوں میں کمپنی کے کردار کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ایک کیئرنگ کمپنی ہونے کے ناطے ہم اپنی کمیونٹیز اور اردگرد بسنے والوں کی سماجی ضروریات کا خیال رکھتے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ ہم نے اپنی سب سے قدیم سوڈا ایش کھیوڑہ کی کمیونٹی کے لئے یوں تو بہت سارے فلاحی منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچائے لیکن حال ہی میں ہم نے کھیوڑہ اور پنڈ دادن خان کمیونٹی کیلئے تین بڑے منصوبے مکمل کیے ہیں۔ ان میں سے ایک ہمقدم کمیونٹی کلینک کا قیام ہے جو کہ کراچی کی فلاحی تنظیم ماری ایڈیلیڈ لیپر وسی سینٹر کے تعاون سے شروع کیا جارہا ہے۔ اس میں سب سے زیادہ توجہ حاملہ خواتین اور بچوں کو دی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ اس کیلئے ہم نے خاص طور سے لیڈی ڈاکٹر اور مڈوائف کا بندوبست کیا ہے تاکہ علاقے کی خواتین اپنے صحت کے مسائل پر آسانی سے لیڈی ڈاکٹر سے گفتگو کرسکیں۔

اس کے ساتھ انھوں نے کہا کہ آئی سی آئی پاکستان فاوَنڈیشن کی جانب سے کلینک کو ایک بڑی ایمبولینس بھی عطیہ کی جارہی ہے تاکہ کسی ایمرجنسی کی صورت میں زچہ اور مریضوں کو لاہور، اسلام آباد اور جہلم منتقل کیا جاسکے۔ اس کے علاوہ ہمارا الیڈیز ویلفیئر سینٹر کھیوڑہ کی خواتین کو سلائی کڑھائی اور کھانا پکانے کی تربیت گزشتہ 47 سال سے دے رہا ہے۔ اب ہم نے اس کی نئی عمارت تعمیر کی ہے جہاں علاقے کی مزید خواتین یہ ہنر سیکھ سکیں گی۔

انھوں نے بتایا کہ پنڈ دادن خان میں تفریحی پارک کی تزئین نو کھیوڑہ میں نیا چلڈرن پارک، شیخوپورہ میں علاقے کے نوجوانوں کیلئے الیکٹریکل کورس وغیرہ ایسے فلاحی پروگرام ہیں جن سے ہم اپنے اردگرد بسنے والوں کیلئے سہولتیں اور روزگار حاصل کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

تقریب کے آخر میں سوال و جواب کا سلسلہ جس میں ہر لوکیشنز سے شرکاء نے سوالات کئے جن کے چیف ایگزیکٹو نے جوابات دیئے۔

# طویل المدتی سروس ایوارڈز، صلاحیتوں کا اعتراف





ہماری کمپنی پاکستان کی ان چند قدیم کمپنیوں میں سے ہے جہاں کئی روایات برسوں سے چلی آرہی ہیں۔ان ہی روایات میں سے ایک طویل المدتی سروس ایوارڈز کی تقریب بھی ہے۔گذشتہ دنوں یہ تقریب ہمارے پولیسٹر پلانٹ پر مورخہ 27 اپریل 2016ء کو منعقد کی گئی جس میں پولیسٹر بزنس کے علاوہ پاور جن، لائف سائنز، کیمیکلز اور کارپوریٹ آفس منرنگ کے اسٹاف نے بھی شرکت کی۔اس تقریب کا مقصد ان افراد کی محنت، جانفشانی سے کام اور ان کی اعلیٰ صلاحیتوں کا اعتراف کرنا ہے جو برسوں سے









کمپنی کے ساتھ منسلک ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ نئے آنے والوں کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی ترغیب دینا بھی ہے۔ یہ ایک بہت بڑی طویل المدتی سروس ایوارڈ کی تقریب تھی جس کی کُل 6 کیٹیگریز میں 270 ایوارڈ تقسیم کئے گئے۔اس تقریب کے مہمانِ خصوصی آصف جمعہ چیف ایگزیکٹو، آئی سی آئی پاکستان تھے۔ان کے ہمراہ سہیل اسلم خان اور فاطمہ زبیری بھی نے یہ ایوارڈز تقسیم کیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 10 سالہ ایوارڈ | 65 | 25 سالہ ایوارڈ | 53 |
| 15 سالہ ایوارڈ | 48 | 30 سالہ ایوارڈ | 60 |
| 20 سالہ ایوارڈ | 43 | 35 سالہ ایوارڈ | 01 |

اس کے علاوہ اس تقریب میں 9 ریٹائر ہونے والے افراد کو بھی ریٹائرمنٹ سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔













Long Service


Long Service


Long Service
Award 20


Long Service


ICI PAKISTAN

# چلڈرن پارک کا افتتاح

آصف جمعہ، چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان نے پچھلے دنوں ہسپتال اپروچ روڈ کے افتتاح کے موقع پر سٹاف ریزیڈنشل اسٹیٹ(SRE) کا دورہ بھی کیا۔اس وقت آصف جمعہ نے اسٹاف ریزیڈنشل اسٹیٹ کی بچیوں اور خواتین کے لئے ایک بہترین پارک بنانے کی خواہش ظاہر کی۔

چنانچہ چلڈرن پارک کا کام شروع ہوا۔اور پارک پروجیکٹ ٹیم، محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈاایش بزنس، عاقل کریم HR منیجر اور سلیم اختر صدیقی IR منیجر نے کام مکمل کروانے میں خصوصی دلچسپی لی اور پارک کے کام کو مقررہ وقت پر مکمل کروالیا۔

چلڈرن پارک کے افتتاح کے لئے آصف جمعہ خود تشریف لائے۔ سہیل اسلم خان ، وائس پریزیڈنٹ سوڈاایش اور پولیسٹر ، محترمہ کاملہ خان کمپنی سیکریٹری، محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈاایش بزنس اور دیگر افسران آپ کے ہمراہ تھے۔

یکم مارچ2016 صبح10 بجے عاقل کریم ایچ آر منیجر، سلیم اختر صدیقی آئی آر منیجر اور اُن کی ٹیم نے مہمانان گرامی کا نہایت ہی گرم جوشی سے استقبال کیا۔اس موقع پر سی بی اے کے صدر ملک محمد عجائب، جنرل سیکریٹری چوہدری محمد سلیم انجم اپنی پوری ٹیم کے ساتھ، ایمپلائز اور ننھے منھے بچوں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔



چلڈرن پارک کا افتتاح کرتے ہوئے آصف جمعہ نے تمام ایمپلائز کو مبارکباد دی۔آپ نے سرسبز گھاس، بچوں کے لئے جھولوں، پھلدار پودوں اور چلڈرن پارک کی تزئین وآرائش کی تعریف فرمائی۔یونین کے عہدیداران نے چلڈرن پارک کو بہتر ماحول مہیا کرنے کے حوالے سے آئی سی آئی پاکستان کی ایک خوبصورت اور شاندار روایت قرار دیا۔

آصف جمعہ، سہیل اسلم خان اور پوری سوڈاایش ٹیم نے سی بی اے کے نمائندوں اور بچوں کے ساتھ پارک کے اندر تصاویر بھی بنوائیں۔اس موقع پر آصف جمعہ اور سہیل اسلم خان نے چلڈرن پارک میں یادگاری پودے بھی لگائے۔

بچوں نے خاص طور پر چیف ایگزیکٹو کا شکریہ ادا کیا کہ کمپنی کی جانب سے ہمارے پارک میں مختلف جھولے تنصیب کیئے گئے ہیں جن پر ہم خوب مزے کریں گے۔







# ہمقدم کمیونٹی کلینک کھیوڑہ کا افتتاح

آئی سی آئی پاکستان جس علاقے میں بزنس کرتی ہے وہاں کی کمیونٹی کا خیال رکھنا اپنا فرض سمجھتی ہے۔ہمقدم کمیونیٹی کلینک کھیوڑہ کا قیام آئی سی آئی پاکستان کی شاندار روایات میں ایک خوبصورت اضافہ ہے۔جس کے ذریعہ اس علاقے کے غریب لوگ اپنے بچوں اور خواتین کے لئے بروقت علاج کی سہولت حاصل کرسکیں گے۔

کلینک کے قیام اور اس کو چلانے کے لئے ایک بین الاقوامی این جی او "ماری ایڈیلیڈ لیپروسی سینٹر کراچی (ایم اے ایل سی) کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ہمقدم کمیونیٹی کلینک کھیوڑہ کا سارا اسٹرکچر اور ایک مکمل ایمبولینس آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن نے عطیہ کیا ہے۔

پاکستان کے صوبے پنجاب میں واقع کھیوڑہ اپنی نمک کی کانوں کی وجہ سے مشہور ہے۔لیکن ایک دور دراز مقام ہونے کی وجہ سے بہت سارے مسائل سے دوچار ہے.کھیوڑہ ٹاؤن کی آبادی تقریباً 80,000 سے زائد ہے لیکن علاقے کی خواتین کو لیڈی ہیلتھ وزیٹر / مڈوائف جیسی بنیادی سہولیات میسر نہیں جس کی وجہ سے خواتین کو اور چھوٹے بچوں کو علاج معالجے کیلئے قریبی بڑے شہروں میں جانا پڑتا تھا.کمیونٹی کی اس انتہائی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے آئی سی آئی پاکستان نے ماری ایڈیلیڈ لیپروسی سینٹر کراچی کے تعاون سے کھیوڑہ ٹاؤن میں ہمقدم کلینک قائم کیا ہے. جہاں خواتین زچگی کے دوران پیدا ہونے والے مسائل ایک لیڈی ڈاکٹر سے بیان کرسکیں گی اور اس کے ساتھ شیر خوار بچوں کی صحت کی بھی دیکھ بھال ہو سکے گی۔اس کے علاوہ خواتین اپنے دیگر مسائل بھی ایک خاتون ڈاکٹر سے باآسانی بیان کرسکیں گی۔

ہمقدم کمیونٹی کلینک کھیوڑہ کا باقاعدہ افتتاح یکم مارچ 2016ء کو آصف جمعہ چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان نے فرمایا۔ اس موقع پر سہیل اسلم خان وائس پریزیڈنٹ سوڈاایش اور پولیسٹر بزنس، چیف ایگزیکٹو ایم اے ایل سی ماروین لوبو اپنی پوری ٹیم کے ساتھ موجود تھے۔آئی سی آئی پاکستان کھیوڑہ کے تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس اور سی بی اے کے عہدیداران بھی آپ کے ہمراہ تھے۔

مہمانان گرامی افتتاح کے لئے تشریف لائے تو کمیونٹی کے لوگوں نے آپکا شاندار استقبال کیا۔معزز مہمانوں کو ہار ڈالے گئے۔پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں.فضا میں غبارے چھوڑے گئے۔علاقے کے لوگوں نے ڈھول کی تھاپ پر علاقائی رقص کیا۔آئی سی آئی پاکستان، آصف جمعہ صاحب زندہ باد کے نعرے لگائے گئے۔عوام کے والہانہ استقبال پر آصف جمعہ اور ایم اے ایل سی کے چیف ایگزیکٹو ماروین لوبو بہت خوش تھے۔

افتتاحی تقریب میں ایم اے ایل سی کے چیف ایگزیکٹو ماروین لوبو نے خطاب کرتے ہوئے شاندار استقبال پر لوگوں کا شکریہ ادا کیا۔انھوں نے ایم اے ایل سی کے کام کے دائرہ کار اور طریقہ کار کا تفصیلی ذکر کیا۔انہوں نے آئی سی آئی پاکستان کی کمیونٹی کے لئے خدمت کو سراہا اور آئی سی آئی پاکستان کے ساتھ کام کرنے کے اپنے تجربہ کو نہایت ہی شاندار قرار دیا۔انہوں نے مزید کہا کہ اس پسماندہ علاقے میں بچیوں اور خواتین کے علاج معالجے کیلئے لیڈی ڈاکٹر کی اشد ضرورت تھی۔آئی سی آئی پاکستان نے بروقت اس ضرورت کا ادراک کیا ہے۔





اس موقع پر آئی سی آئی پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے کمیونٹی کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا"ہمقدم کمیونٹی کلینک کھیوڑہ کے غریب لوگوں کے بچیوں اور خواتین کے لئے آئی سی آئی پاکستان کی طرف سے ایک شاندار تحفہ ہے۔

انھوں نے کہا کے اب آپ کی خواتین کو زچگی کے دوران پیدا ہونے والی پیچیدگیوں اور شیر خوار بچوں کی صحت کے حوالے سے پریشان نہیں ہونا پڑے گا۔ہمقدم کمیونٹی کلینک میں موجود عملہ اور













لیڈی ڈاکٹر ایم اے ایل سی کے زیرنگرانی ان کی مناسب حدتک دیکھ بھال کرے گا۔ہمیں اندازہ ہےاس سے قبل علاقے کی خواتین اور بچے کتنی پریشانی اٹھاتے تھے،انھوں نے اپنے خطاب کے دوران یہ اعلان بھی کیا کہ کمیونٹی کی سہولت کیلئے آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کی جانب سے ہمقدم کلینک کیلئے ایک بڑی ایمبولینس بھی دی جارہی ہے جوکہ خواتین مریضوں کوکسی ایمرجنسی کی صورت میں قریبی اسپتال میں منتقل کرنے میں کام آئیگی۔

آئی سی آئی پاکستان اپنی کمیونٹی کی ویلفیئر کے لئے ہمیشہ مصروف عمل رہی ہے۔چاہے روزگار کے معاملات ہوں یا تعلیمی استعداد بڑھانے کی بات ہو۔ماحول کی بہتری وخوبصورتی کے لئے پارک بنانے ہوں یا کمیونٹی کے لوگوں کی صحت کا خیال ہو۔آئی سی آئی پاکستان کی خدمات روزِ روشن کی طرح عیاں ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ ہمقدم کمیونٹی کلینک کھیوڑہ کے اجراد کا بنیادی مقصد ایک ماں کی صحت کا خیال رکھنا ہے۔کیونکہ جب ایک ماں صحت مند ہوگی تو سارا خاندان صحت مند ہوگا۔اس موقع پر آصف جمعہ نے ہمقدم کمیونٹی کلینک کھیوڑہ کی ڈاکٹر لالہ رخ کوایمبولنس کی چابی پیش کی۔لیڈی ڈاکٹر لالہ رخ نے ربن کاٹنے کی تقریب کے بعد تمام




مہمانان گرامی کو ہمقدم کمیونٹی کلینک کھیوڑہ کا مکمل دورہ کروایا۔ کلینک میں کام کرنے کے طریقہ کار اور خواتین اور بچوں کے لئے موجود طبی سہولیات پر بریفنگ دی۔

علاقے کے لوگوں کا کہنا تھا کہ یہ ہمارے علاقے کا ایک بڑا مسئلہ تھا جو کہ آج آئی سی آئی پاکستان نے پورا کیا ہے۔اس سے قبل ہماری خواتین حمل کی پیچیدگیوں کی وجہ سے اسپتال جاتے جاتے بعض اوقات راستے میں ہی دم توڑ دیتی تھیں۔ہم اس کلینک کے قیام پرآئی سی آئی پاکستان کا جتنا بھی شکریہ ادا کریں کم ہے۔

اس موقع پر علاقے کے لوگوں کی نمائندگی کرتے ہوئے جناب جمعہ اور ماروین لوبو کوتحائف دیئے گئے۔جو وہاں پر موجود لوگوں نے بذاتِ خود دیئے اور آئی سی آئی پاکستان کی اس علاقے کیلئے خدمات پر بالعموم اور ہمقدم کمیونٹی کلینک کھیوڑہ کے قیام پر بالخصوص آصف جمعہ، سہیل اسلم خان محمد عمر مشتاق کا اور ان کی پوری ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔








# علامہ اقبال میونسپل پارک پنڈ دادن خان کی تعمیر و آرائش



یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ آئی سی آئی پاکستان وطن عزیز میں تعمیر و ترقی کے لئے اپنا کردار ادا کرنے کے لئے ہمہ وقت کوشاں رہتی ہے۔ اپنے ایمپلائز کے علاوہ کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے، ہر شعبۂ زندگی سے وابستہ لوگوں کا بھی خیال رکھتی ہے۔ آئی سی آئی سوڈا ایش کھیوڑہ اپنی کمیونٹی کے لوگوں کی صحت، سیفٹی اور صحت مند ماحول۔ صحت مند سرگرمیوں کے انعقاد کے ذریعے بہم پہنچانے کی کوشش کرتی ہے۔

کمیونٹی کو صحت مند ماحول مہیا کرنے کے لئے تحصیل ہیڈ کوارٹر پنڈ دادن خان میں علامہ اقبال میونسپل پارک کی تعمیر و آرائش کی گئی۔ 08 جنوری 2016ء کو پارک کی افتتاحی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں سہیل اسلم خان وائس پریزیڈنٹ








سوڈاایش و پولیسٹر بزنس، ذوالفقار گھمن DCO جہلم، محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈاایش بزنس کھیوڑہ نے شرکت کی۔

چوہدری محمد اشرف اسسٹنٹ کمشنر پنڈدادن خان، علاقہ کے ایم پی اے چوہدری نذر حسین گوندل، عاقل کریم ایچ آر منیجر، سلیم اختر صدیقی آئی آر منیجر، آئی سی آئی سوڈاایش کھیوڑہ کے تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اور پنڈدادن خان سے نومنتخب بلدیاتی قیادت اور شہر سے بزرگوں، بچوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پنڈدادن خان کے بچوں نے مہمانوں کی آمد پر آئی سی آئی پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے اور گل پاشی کی۔

افتتاحی تقریب کے موقع پر سہیل اسلم خان نے علامہ اقبال میونسپل پارک پنڈدادن خان کو آئی سی آئی پاکستان کی طرف سے کمیونٹی کے لئے ایک خوبصورت تحفہ قرار دیا۔ اور فرمایا کہ آئی سی آئی پاکستان اپنی کمیونٹی کے لئے مختلف فلاحی منصوبے ترتیب دیتی رہے گی اور مستقبل میں بھی اپنی کمیونٹی کا خیال رکھے گی۔




ذوالفقار گھمن نے پارک کی تعمیر و آرائش پر آئی سی آئی پاکستان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آئی سی آئی پاکستان نے ماضی میں بھی جناح پارک پنڈدادن خان بنوایا تھا۔ یہ کمپنی کمیونٹی ویلفیئر میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ ہم امید کرتے کہ آئی سی آئی پاکستان مستقبل میں بھی ہمارا خیال رکھے گی۔

علاقہ کے ایم پی اے نذر حسین گوندل نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ پارک میں موجود صفائی، سرسبز و شاداب



گھاس، لہلہاتے پھول و پودے، جاگنگ ٹریک، خوبصورت پھولوں اور خاص طور پر کام کی کوالٹی نے علامہ اقبال میونسپل پارک پنڈدادن خان کو چار چاند لگا دیئے۔ اس پر ہم اور تحصیل پنڈدادن خان کے عوام آئی سی آئی پاکستان کے شکرگزار ہیں۔

علامہ اقبال میونسپل پارک کے افتتاح کے موقع پر عوام الناس کا جوش و خروش دیدنی تھا۔

مہمانان گرامی کی آمد پر بچوں نے زوردار انداز میں آئی سی آئی زندہ باد کے نعرے لگائے اور فضا میں رنگا رنگ غبارے چھوڑے ۔اہلِ علاقہ نے آئی سی آئی تیرا شکریہ کے بینرز آویزاں کیے۔

اہلِ علاقہ نے سہیل اسلم خان اور ذوالفقار گھمن' ڈی سی او جہلم کو تحائف بھی دیئے۔ المختصر! جتنا خوبصورت پارک بنا اتنی ہی شاندار افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔



# ونگٹن سکول۔سالانہ جلسہ تقسیم انعامات 2016

ہر سال کی طرح اس سال بھی سالانہ جلسہ تقسیم انعامات 8 جنوری 2016 کو پورے جوش وخروش سے منایا گیا اس پُر وقار تقریب کے مہمانِ خصوصی سہیل اے خان تھے۔اسکول کے پرنسپل مرتضیٰ جمال ملک صاحب نے سالانہ رپورٹ پیش کی جس میں انہوں نے پچھلے پورے سال کی کارکردگی پر روشنی ڈالی۔

اسکول کے بچوں نے مختلف پروگرام پیش کیے جن میں پری اسکول کے نونہالوں نے دو ٹیبلو جبکہ بڑے بچوں نے انگلش ڈراما، اُردو ڈراما، انگلش اور اردو تقاریر، ملی نغمہ اور گیت پیش کیا حاضرین نے بچوں کی کارکردگی پر دل کھول کر داد دی اس کے بعد مہمان خصوصی نے بچوں میں مختلف انعامات واسناد تقسیم کیں سپورٹس اور سائنس شیلڈز اقبال ہاؤس نے جبکہ تقریری اور تعلیمی شیلڈز جناح ہاؤس نے حاصل کیں چیئر مین شیلڈ اقبال ہاؤس اور جناح ہاؤس نے مشترکہ طور پر حاصل کی۔

اس بار بھی میٹرک بورڈ کا نتیجہ حسبِ سابق شاندار رہا، سارہ سہیل نے میٹرک کے امتحان میں نمایاں کارکردگی پر گولڈ میڈل، جبکہ نویں جماعت کے بورڈ کے امتحان میں آمنہ محفوظ، طوبیٰ شعیب اور سحر جاوید نے سلور میڈل حاصل کیے میٹرک کے اساتذہ کرام کو اُن کی انتھک محنت اور بہترین نتائج پر تعریفی اُسناد اور انعامات سے نوازا گیا۔












مہمانِ خصوصی سہیل اے خان نے اس پروگرام کی دل کھول کر تعریف کی اور سکول کے پرنسپل اور اساتذہ کا شکریہ ادا کیا جن کی انتھک محنت کے باعث سکول ترقی کی طرف گامزن ہے انہوں نے انعام حاصل کرنے والے بچوں اور اُن کے والدین کو بھی مبارکباد دی اور آئی سی آئی کے اُن تمام ممبران کا شکریہ ادا کیا جن کی توجہ سے یہ ادارہ دن دگنی اور رات چگنی ترقی کر رہا ہے۔
تقریب کے اختتام پر معزز مہمانانِ گرامی کی تواضع چائے سے کی گئی۔
























# سالانہ تقریب نمائش علم و ہنر لیڈیز ویلفیئر سینٹر




حسب روایت اس سال بھی علم و ہنر لیڈیز ویلفیئر سینٹر، آئی سی آئی سوڈاایش کھیوڑہ کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات و نمائش نہایت جوش و خروش اور پُر وقار انداز میں 8 جنوری 2016ء کو لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی نئی تعمیر شدہ عمارت میں منعقد ہوئی۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض محترمہ نفیسہ رمضان نے ادا کیے۔

لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی انچارج محترمہ سمرین وقار خواجہ نے سینٹر کی گزشتہ سال کی کارکردگی اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر سہیل اسلم خان وائس پریزیڈنٹ سوڈاایش و پولیسٹر بزنس نے سینٹر کی کارکردگی کو سراہا اور مستقبل میں سینٹر کی بہتری کے لئے تعاون کا یقین دلایا۔ مسز سہیل اسلم خان نے نمایاں کارکردگی دکھانے والی طالبات اور ٹیچرز میں انعامات اور سرٹیفیکٹس تقسیم کیے۔

واضح رہے کہ لیڈیز ویلفیئر سینٹر' آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کے سیکھنے اور سکھانے کے پروگرام 'علم و ہنر' کے تحت کام کر رہا ہے۔ جہاں کھیوڑہ کمیونٹی کی نوجوان بچیاں اور خواتین کھانا پکانا' سلائی اور کڑھائی جیسے فنون سیکھتی ہیں۔ یہ سینٹر 1970ء سے کام کر رہا ہے اور اب تک اس سینٹر سے 1200 سے زائد لڑکیاں یہ فنون سیکھ کر فارغ ہو چکی ہیں۔

پروگرام کی خاص بات لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی طالبات و ٹیچرز کی بنائی





















ہوئی اشیاء کی نمائش کا انعقاد تھی۔ جس کا افتتاح بیگم سہیل اسلم خان نے باقاعدہ ربن کاٹ کر کیا۔ نمائش میں موجود مصنوعات کی تمام حاضرین اور بیگم و جناب سہیل اسلم خان نے بہت تعریف کی۔

طالبات کی بنائی ہوئی اشیاء کی نمائش اور ان کے کام کی مہارت کو تمام شرکاء نے بے حد سراہا جس کا ثبوت یہ ہے کہ چند گھنٹوں ہی میں تمام بنائی ہوئی اشیاء فروخت ہو چکی تھیں۔

محمد عمر مشتاق، ورکس منیجر، سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ نے لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی انچارج، ٹیچر اور طالبات کو شاندار نمائش اور کارکردگی پر مبارکباد دی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔



# عالمی یومِ ارض EARTH DAY




دنیا بھر میں ہر سال 22 اپریل کو عالمی یومِ ارض (Earth Day) منایا جاتا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد دنیا میں بسنے والے لوگوں کی توجہ اس طرف مبذول کرانا ہے کہ ہم جس کرۂ ارض پر رہتے ہیں ہمیں اس کی حفاظت اپنے گھر ہی کی طرح کرنی ہے۔ سینکڑوں سالوں سے زمین کے وسائل استعمال کئے جا رہے ہیں اوزون لئیر آہستہ آہستہ تباہ ہو رہی ہے صنعتی ترقی کی وجہ سے دریا خشک ہو رہے ہیں کیونکہ ان کا فضلہ دریاوں اور سمندروں میں پھینکا جا رہا ہے جس کی وجہ سے گلوبل وارمنگ جیسے مسائل سے ہم نبرد آزما ہیں۔ جنگل ختم ہو رہے ہیں جو کہ یقیناً زمین کے ماحول کے لیے نہایت خطرناک بات ہے جس کی وجہ سے غیر معمولی بارشیں اور سیلاب آ رہے ہیں۔ انہی مسائل کی طرف دنیا کے لوگوں کی توجہ دلانے کیلئے ہر سال 2 2 اپریل کو یوم ارض یعنی Earth Day منایا جاتا ہے۔










اس دن حکومتی سطح پر، کاروباری اداروں اور سول سوسائٹی کے افراد مل کر ماحول کے حوالے سے دنیا کو درکار چیلنجز اور ان کے تدراک کے بارے میں مذاکرے، سیمینار اور عملی اقدامات کی منصوبہ بندی کرتے ہیں۔

آئی سی آئی پاکستان ایک ذمہ دار کاروباری ادارہ ہے جہاں ماحول کے تحفظ کا بے حد خیال رکھا جاتا ہے۔ یومِ ارض کے حوالے سے آئی سی آئی پاکستان کے ہیڈ آفس سوڈا ایش کھیوڑہ اور پولیسٹر سائٹس پر مختلف تقریبات ہوئیں جن میں ایمپلائز اور رضا کاروں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور شجر کاری بھی کی۔







## پولیسٹر ورکس شیخوپورہ

آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر پلانٹ شیخوپورہ کے رضا کاروں نے گورنمنٹ پرائمری اسکول ٹبی ہریہ کے بچوں کے ساتھ یومِ ارض منایاانہوں نے بچوں کواس دن کے حوالے سے تفصیلی طور سے بتایا کہ اس دن کی اہمیت کیا ہے اور ہم اس دن کو کیوں مناتے ہیں۔عمران مقصود ایچ ایس ای منیجر اور یاسر رفیق نے یومِ ارض کے حوالے سے اسکول کے بچوں کے درمیان پینٹنگ کا مقابلہ بھی کروایا جس میں بچوں نے ماحول کونقصان پہنچانے والے عوامل کی نشاندہی کی تھی۔جیتنے والے بچوں کو یادگاری بیج اور ایکو مینٹر Eco Mentor (ماحول کی حفاظت کرنے والے) کے عہدے بھی دیئے گئے۔اس کے علاوہ ان سے یہ عہد بھی لیا گیا کہ وہ نہ صرف خود ماحول کو صاف رکھیں گے بلکہ دوستوں کو بھی ماحول دوستی پر ابھاریں گے۔

اسکول کی تقریب کے بعد رضا کاروں نے ٹریننگ سینٹر پولیسٹر پلانٹ پر شجر کاری کا اہتمام کیا ہوا تھا جس میں خالد محمود ورکس منیجر، محمد ظفر فرید پروڈکشن منیجر، عدیل مرزا انجینئرنگ منیجر اور فرحان انور ای اینڈ آئی منیجر کے ہمراہ ایمپلائز نے شجر کاری مہم میں حصہ لیا اور اس موقع کو یادگار بنایا۔





## سوڈا ایش کھیوڑہ

آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش پلانٹ کھیوڑہ میں بھی ایچ ایس ای ڈیپارٹمنٹ نے تمام سیفٹی امپرومنٹ ٹیموں کے ساتھ مل کر شجر کاری مہم کا بندوبست کیا ہوا تھا،سیفٹی منیجر سعید اقبال نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے اس دن کی اہمیت کے بارے میں بتایا اور اس بات پر زور دیا کہ ہم اپنے پلانٹ، کمیونٹی اور اردگرد میں زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر اپنے ماحول کو خوشگوار بنائیں گے۔

جس کے بعد باقاعدہ شجر کاری مہم کا آغاز ہوا اور تمام شرکاء نے پودے لگائے۔اس کے ساتھ ساتھ اس دن کی مناسبت سے سب








نے اس عہد پر دستخط کئے کہ ہم اپنے پلانٹ اور اردگرد کے ماحول کی بہتری کیلئے ہر وقت سرگرم عمل رہیں گے۔

سوڈا ایش کھیوڑہ میں یومِ ارض کے حوالے سے ایک اور تقریب بھی ہوئی جس میں ڈسٹرکٹ انوائرمنٹ آفیسر جہلم اور انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی، پنجاب کی ٹیم نے خصوصی طور پر شرکت کی اور ایچ ایس ای منیجر سعید اقبال کے ساتھ ملکر ایڈمن لان میں پودے لگائے۔ انوائرمنٹ آفیسر اور انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی کے آفیسران کا کہنا تھا کہ آئی سی آئی پاکستان کی ماحول کی حفاظت اور بہتری کیلئے کی گئی کوششیں مثالی ہیں جن کی دیگر اداروں کو بھی تقلید کرنی چاہیے۔

## آئی سی آئی پاکستان ہیڈ آفس کراچی

گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی ہیڈ آفس کی سی ایس آر ٹیم نے شجر کاری کا پروگرام بنایا۔ اس مرتبہ یہ شجر کاری مہم کراچی کے مشہور علاقے لیاری ٹاؤن میں ایک ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کے گراؤنڈ میں کی گئی جہاں 400 سے زائد پودے لگائے گئے۔ اس شجر کاری مہم میں ہیڈ آفس کے ایمپلائز اور رضا کاروں کے علاوہ ووکیشنل سینٹر کے طلبہ اور طالبات نے بھی بڑے جوش وخروش سے حصہ لیا۔

تقریب کے موقع پر کاملہ خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم یہ شجر کاری مہم گزشتہ کئی سالوں سے کر رہے ہیں کیونکہ ہم یقین رکھتے ہیں کہ ماحول صاف ستھرا ہوگا تو فضا بھی صاف ستھری ہوگی۔ بیماریاں کم سے کم ہوں گیں۔ انہوں نے کہا کہ ماحول کی بہتری کے حوالے سے ہمارا اسلوگن ہے صاف ماحول۔ تازہ ہوا۔
اس موقع پر ووکیشنل سینٹر کے طلبہ اور طالبات کا کہنا تھا کہ آج ہم کو اس شجر کاری مہم میں حصہ لیکر بے حد اچھا لگا۔ ہم اپنے گھروں اور علاقے میں بھی صفائی کا خیال رکھیں گے اور پودے لگائیں گے۔

---

چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی

# بیسک ہاؤس ہولڈ اینڈ انڈسٹریل الیکٹرک کورس

سماجی ذمہ داریوں کی تکمیل آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر بزنس کی جانب سے متعین کردہ اقدار کا ایک اہم حصہ ہے۔ مقامی افراد کی صلاحیتی تعمیر بہت سی اقدار میں سے ایک ہے۔ آئی سی آئی پاکستان فاونڈیشن نے پندرہ مقامی افراد کو گھریلو اور انڈسٹریل وائرنگ کے ہنر سے لیس کرنے کا عزم کیا ہے۔ اس تربیتی کورس کا افتتاح خالد محمود ورکس منیجر پولیسٹر بزنس نے سی ایس آر ٹیم کے ہمراہ کیا اس تقریب میں محمد صابر ٹریز ٹویٹا پنجاب نے بھی شمولیت اختیار کی ورکس منیجر نے بچوں کو اس تربیتی کورس سے پوری طرح سے مستفید ہونے کی تلقین کی تا کہ وہ اپنی آئندہ زندگی میں کامیاب ہوسکیں۔ تربیتی کورس کا آغاز یکم جنوری کو کیا گیا اور چھ ماہ میں اس کی تکمیل متوقع ہے۔ تربیتی سہولیات کی فراہمی کے لیے ایک لیب آئی سی آئی پولیسٹر بزنس کے ٹریننگ سنٹر میں قائیم کی گئی ہے جہاں ٹویٹا کے ٹریز محمد صابر کی رہنمائی میں طلباء کو تکنیکی مہارت فراہم کی جائیگی۔







واٹرمینجمنٹ کی تشہیر کے لیے مختلف پیغامات کے ساتھ بینرز رہائشی کالونیوں اور ورکس ایریا کے اندر لگائے گئے۔

# ورلڈ واٹر ڈے 22 مارچ

یہ تو سب ہی جانتے ہیں کہ پانی زندگی ہے۔ ماحولیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے دنیا بھر میں پانی کے ذخائر بڑی تیزی سے کم ہو رہے ہیں۔ آنے والوں سالوں میں پانی کی اس کمی کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل اور پانی کے محتاط استعمال کے بارے میں شعور بیدار کرنے کیلیے دنیا بھر میں ہر سال 22 مارچ کو پانی کا عالمی دن یعنی ورلڈ واٹر ڈے منایا جاتا ہے۔

اس سال آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں بھی ورلڈ واٹر ڈے منایا گیا۔ اس تقریب میں تمام سیفٹی امپرومنٹ ٹیم کے لوگوں نے بھی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیفٹی منیجر سعید اقبال نے تمام اسٹاف کو پانی کے احتیاط کے ساتھ استعمال اور اسکی اہمیت کے بارے میں بتایا۔ اس دن کے موقع کی مناسبت سے ایچ ایس ای ڈیپارٹمنٹ نے اسٹاف کالونی، پلانٹ اور لوکل کیمونٹی میں پانی کی اہمیت اور اس کے محتاط استعمال کے بارے میں مختلف بینرز لگائے۔ اس دِن کے موقع پر ورکس منیجر محمد عمر مشتاق نے اپنا پیغام بعنوان واٹر مینجمنٹ جاری کیا کہ ہم کس طرح واٹر مینجمنٹ کے ذریعے پانی بچا سکتے ہیں تا کہ ہم اپنے آنے والے اہداف حاصل کر سکیں اور ہماری آنے والی نسلیں پانی سے متعلق مسائل کا شکار نہ ہوں۔








# ساعتِ ارض (EARTH HOUR) 2016

دنیا بھر میں ہر سال ساعتِ ارض EARTH HOUR منایا جاتا ہے۔ جس کا مقصد دنیا کے لوگوں کو توانائی کی اہمیت کا احساس دلانا اور اس کے احتیاط سے استعمال کی طرف توجہ دلانا ہے۔

اس سلسلے میں آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش الکلی سپورٹس کلب میں آرتھ آور کی تقریب منعقد کی جس میں میں ایچ ایس ای ڈیپارٹمنٹ نے مختلف پروگرام ترتیب دیے جن میں بچوں کے لیے کوئز کا پروگرام نمایاں تھا۔ اس تقریب میں سیفٹی منیجر سعید اقبال صدر الکلی اسپورٹس کلب طاہر عباس اور سلیم صدیقی آئی آر منیجر نے شرکت کی اور اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور اس دِن کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ مخصوص وقت میں تمام لائٹس بند کر کے موم بتیوں سے ساعتِ ارض EARTH HOUR لکھ کر تجدید عہد کیا گیا۔ آخر میں سعید اقبال سیفٹی منیجر نے بچوں سے سوالات کیے اور ان کو انعامات دیے۔



ککاپیر اسکول کی سالانہ تقریب

# کمیونٹی اور بچوں کی جانب سے سی ایس آر ٹیم کو خراجِ تحسین



















کراچی سے لیکر ٹھٹھہ کی ساحلی پٹی پر سینکڑوں ماہی گیر گوٹھ آباد ہیں۔ کراچی میں سینڈز پٹ کے ساحلی مقام کے قریب بھی اسی طرح کی ماہی گیروں کی ایک بستی آباد ہے جس کا نام ککا پیر ولیج ہے۔ اس گوٹھ کی آبادی تقریباً 2000 افراد پر مشتمل ہے اور گوٹھ کے تمام لوگ ماہی گیری کے پیشے سے تعلق رکھتے ہیں۔

آئی سی آئی پاکستان ایک طویل عرصے سے گوٹھ کے بچوں کی تعلیم کیلئے کوشاں ہے۔ اس حوالے سے گوٹھ کی فلاحی تنظیم فشر فوک ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن کے تعاون سے گوٹھ کے واحد پرائمری اسکول میں تعلیم کی بنیادی ضروریات مہیا کر رہا ہے جس میں 9 اساتذہ کی تنخواہ اسکول کی مینٹیننس، یونیفارم اور نوٹ بکس وغیرہ شامل ہیں۔ کمپنی کے اس تعاون کی وجہ سے اس وقت اسکول میں داخل بچوں کی تعداد 240 سے زائد ہے اس میں وہ 50 بچے بھی شامل ہیں جو کہ تقریباً دو میل دور ایک جزیرے شمس پیر سے آتے ہیں۔ بچوں میں تعلیم حاصل کرنے کا شوق کی ایک وجہ اسکول کی سالانہ تقریب ہے۔

سال 2010ء میں گوٹھ کی فلاحی تنظیم نے اسکول کو گود لیا اور آئی سی آئی سے درخواست کی کہ اسکول کی عمارت کی حالت نہایت خستہ اور تباہ حال ہو رہی ہے، کھڑکی، دروازے ٹوٹے ہوئے ہیں فرنیچر ناپید ہے بچوں کی تعداد تقریباً 35 ہے اور اساتذہ غائب ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان نے اپنے فلاحی پروگرام ہمقدم کے تحت اسکول کی تزئین نو کا فیصلہ کیا اور یوں اسکول ایک نئی شکل اختیار کر کے ککا پیر کے بچوں اور ارد گرد کے دیگر گوٹھوں کے بچوں اور ان کے والدین کیلئے توجہ کا مرکز بن گیا۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ اسکول میں بچوں کے بیٹھنے کی جگہ نہیں ہے اور چنانچہ مزید داخلوں کو روکنا پڑ گیا ہے۔

اسکول کی سالانہ تقریب نہ صرف گوٹھ کے باشندوں کیلئے تفریح کا باعث ہے بلکہ بچوں کو بھی اپنی چھپی ہوئی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کرتی ہے۔ جس میں بچے مختلف خاکوں، ٹیبلوز، تقاریر اور ملی نغموں کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا اپنے والدین اور گوٹھ

کے دیگر باشندوں کے سامنے اظہار کرتے ہیں۔
اس سال یہ تقریب 19 مئی کو منعقد کی گئی جس کی مہمانِ خصوصی متین امجد، جنرل منیجر، لائف سائنسز، فارما ڈویژن تھے ان کے ہمراہ صبور احمد بزنس منیجر، لائف سائنسز، اینیمل ہیلتھ نے بھی شرکت کی، واضح رہے کہ صبور احمد کی سربراہی ہی میں سال 2010ء میں اسکول کی بحالی اور تزئین و آرائش کی گئی تھی۔ مہمانوں کی آمد پر انھیں اسکول کا دورہ کرایا گیا اور اسکول کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی جس کے بعد اسکول کی سالانہ





تقریب کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ جس میں بچوں نے مختلف ملی نغمے، خاکے، تقاریر، ٹیبلوز اور ابتدائی کلاسوں کے بچوں کا فینسی ڈریس شو قابل دید تھے۔ پروگرام کے دوسرے حصے میں سالانہ امتحان میں اپنی کلاس میں اول، دوم، سوم آنے والے بچوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔
کاکا پیر کیونکہ ماہی گیروں کی کمیونٹی ہے چنانچہ کمیونٹی کی جانب سے آئی سی آئی پاکستان کا نیا لوگو جو کہ بلو پرل کہلاتا ہے کو سیپیوں سے نہایت خوبصورتی سے ترتیب دیکر فریم کرایا گیا تھا جو مہمان خصوصی متین احمد اور صبور احمد کو پیش کیا گیا۔
تقریب کی سب سے خاص بات یہ تھی کہ کمیونٹی کی جانب سے آئی سی آئی پاکستان ہیڈ آفس کی سی ایس آر ٹیم کو کمیونٹی کے لئے لاتعداد فلاحی منصوبے ترتیب دینے اور خاص طور سے اسکول میں تعلیم کیلئے کوششوں پر خراج تحسین کرنے کیلئے بچوں نے ایک خصوصی ٹیبلو پیش کیا۔
واضح رہے کہ ہیڈ آفس سی ایس آر ٹیم کی کوششوں سے ہی کاکا پیر میں خواتین کی تعلیم بالغان کلاس کا اجراء ہوا اور اس وقت تعلیم بالغان کلاس کا دوسرا گروپ تعلیم حاصل کر رہا ہے۔ تعلیم بالغان کلاس کے اجراء کیلئے پاکستان کے مشہور فلاحی اور تعلیمی ادارے لٹریٹ پاکستان کے جگنو سبق پروگرام کا تعاون حاصل کیا گیا ہے۔ رسمی اور غیر رسمی تعلیم میں پاکستان بھر میں لٹریٹ پاکستان ایک جانا پہچانا نام ہے جو کراچی سے لیکر گلگت تک علم کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔


















# کینسر میں مبتلا بچوں کے ساتھ یومِ پاکستان




















ہمارے کیمیکلز برنس نے کینسر میں مبتلا بچوں کیلئے کچھ تفریح کا سامان مہیا کرنے کا ارادہ کیا۔ کینسر ایک ایسا موذی مرض ہے جس کے بارے میں سن کر ہی اچھے بھلے آدمی کے اوسان خطا ہوجاتے ہیں تو سوچا جاسکتا ہے کہ معصوم بچوں کا کیا حال ہوتا ہوگا۔

50بستروں پر مشتمل چلڈرن کینسر اسپتال فیڈرل بی ایریا کراچی میں قائم ہے جو کہ فروری 2000 میں ایک کمرے پر مشتمل ڈرگ بنک کی شکل میں قائم ہوا اور ترقی کی منازل طے کرتے ہوئے آج 50بستروں پر مشتمل کینسر کے علاج کی سہولت ان لوگوں کو مہیا کررہا ہے جو اس بیماری کے اخراجات نہیں برداشت کرسکتے۔ یوں تو اسپتال کی پوری ایک ٹیم ہے جو اتنے بڑے ادارے کو چلا رہی ہے لیکن اسپتال کے روح رواں ڈاکٹر شموائل اشرف ہیں جن کی زیرِ نگرانی شیر خوار سے لیکر 12 سال تک کے بچوں کا کینسر کے مختلف امراض کا مفت علاج کیا جاتا ہے۔ چنانچہ یوم پاکستان کے موقع پر طے کیا گیا کہ ہم ان بچوں کے ساتھ اس مرتبہ یومِ پاکستان منائیں گے جو کہ کینسر میں مبتلا ہیں اور جن کا چلڈرن کینسر اسپتال میں علاج جاری ہے۔ اس حوالے سے کراچی کے مشہور تفریحی مقام پی اے ایف میوزیم کو بک کیا گیا۔ جب بچوں کو اس پروگرام کے بارے میں پتہ چلا تو ان کا شوق اور دلچسپی دیکھنے سے تعلق رکھتی تھی۔ ان کے چہرے چمک اٹھے تھے۔

23مارچ کو یوم پاکستان کے موقع پر بچے صبح سویرے اپنے والدین کے ہمراہ اے پی اے ایف میوزیم پہنچ گئے۔ انہوں نے بڑی تیاری کی ہوئی تھی ملی نغمے اور ٹیبلوز ان بچوں نے بہت خوبصورتی سے پیش کئے۔ پروگرام کی خاص بات قائداعظم اور محترمہ فاطمہ جناح کا گیٹ اپ کئے ہوئے دو بچے تھے۔ سب بڑے خوش نظر آرہے تھے اور چند گھنٹوں کیلئے وہ اپنی ساری تکلیفیں بھول چکے تھے، میڈیا کی جانب سے بھی بھرپور حوصلہ افزائی ہوئی اور کراچی کے تقریباً تمام بڑے چینلز نے پروگرام کو اپنی خبروں میں نمایاں جگہ دی۔

اس موقع پر ڈاکٹر شموائیل نے آئی سی آئی پاکستان کیمیکلز برنس کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا کہ آج انہوں نے ان بچوں کیلئے تفریح کا سامان مہیا کیا ہے جس سے یہ بچے نہایت خوش ہیں اور ہم سب کی ہی کوشش ہے کہ ان کے چہرے اسی طرح سے ہمیشہ خوشی سے مسکراتے رہیں۔ کیمیکلز برنس کی جانب سے نعمان جعفری نے بھی ڈاکٹر شموائیل اشرف اور ان کی پوری ٹیم کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے آئی سی آئی پاکستان کو یہ موقع فراہم کیا کہ ہم ان بچوں کیلئے اور چلڈرن کینسر اسپتال کیلئے کچھ کرسکیں، واضح رہے کہ اس پروگرام کے علاوہ ہمارے کیمیکلز برنس نے اسپتال کو بچوں کی دوائیوں کیلئے تعاون بھی کیا ہے۔

بچوں کے والدین کا کہنا تھا کہ آج ہمارے بچے جس طرح پروگرام میں مگن ہیں اور نہایت خوش ہیں ہماری دعا ہے کہ وہ اسی طرح خوش رہیں انہوں نے بھی خاص طور سے کمپنی کی اس کاوش کو بے حد سراہا۔


NSORED by: ICI PAKISTAN LTD.




of Children Cancer Hospital








Sharing Happiness with
CHILDHOOD CANCER WARRIORS

سرگرمیاں

# الف لیلہ کے ساتھ ایک روزہ ریڈنگ ڈے کا اہتمام

کمیونٹی کی فلاح و بہبود اور پڑھنے لکھنے کا جذبہ پیدا کرنے کے لئے آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر بزنس کی سی ایس آر ٹیم نے 9 دسمبر 2015 کو ٹبی ہریا سکول شیخوپورہ میں الف لیلہ کے ساتھ ایک روزہ ریڈنگ ڈے منایا۔

الف لیلہ ایک غیر سرکاری تنظیم ہے جو سرکاری سکولوں میں بچوں کے درمیان پڑھنے لکھنے کا شوق پیدا کرنے کے لئے کوششیں کر رہی ہے۔ الف لیلہ کی ٹیم نے آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر بزنس کی سی ایس آر ٹیم کے ساتھ ٹبی ہریا سکول شیخوپورہ کا دورہ کیا۔ اس دن کا مقصد بچوں کو کہانیاں پڑھ کر سنانے اور اس کے ساتھ ساتھ کورس سے باہر کی کتابوں کی دنیا کے بارے میں طلباء کو آگاہی فراہم کرنا تھا۔

بچوں کو کہانیاں سنانے کے لئے ایک بس کو موبائل لائبریری میں تبدیل کیا گیا ہے جس میں الماریوں میں کتابیں اور بس کے اندر بیٹھنے کی جگہ بنائی گئی ہے جس میں ملٹی میڈیا اور اسپیکر وغیرہ بھی تنصیب ہیں۔ بس کو اندر سے نہایت خوبصورتی سے ڈیکوریٹ کیا گیا ہے جو کہ بچوں کیلئے نہایت کشش کا باعث ہے۔



پورے سکول کو دو گروپوں میں تقسیم کیا گیا تھا ایک گروپ پریپ کلاس سے پہلی کلاس تک کے بچوں پر مشتمل تھا، اور دوسرا گروپ گریڈ دو سے پانچ تک مشتمل تھا۔

کہانیوں کا ایک سیشن کلاس کے اندر کیا گیا تھا اور دوسرا سیشن موبائل لائبریری میں کیا گیا۔



کٹھ پتلیوں اور کرداروں کی تصاویر سے بچوں کو کہانیاں سنائی گئیں جس سے بچوں میں پڑھنے کا شوق پیدا کیا گیا۔




# اداریہ

عزیز دوستو!

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ گزشتہ دنوں ایک حادثے کی وجہ سے سال 2016 کی پہلی سہ ماہی کا شمارہ وقت پر تیار نہ ہو سکا چنانچہ انتظامیہ نے فیصلہ کیا کہ پہلی اور دوسری سہ ماہی کے شمارے کو اکھٹا کر کے عید اسپیشل کے نام سے نکالا جائے۔

جب یہ شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہوگا تو آپ عید منانے کی تیاریاں کررہے ہوں گے، عید ہماری رمضان کی عبادات اور ریاضت کا انعام ہے۔ مجھے امید ہے کہ آپ نے اپنی خوشیوں میں ان لوگوں کو ضرور شامل کیا ہوگا جن کے پاس وسائل نہیں ہیں کے اپنے لئے اور اپنے بچوں کیلئے عید کی خوشیاں مہیا کرسکیں۔

گزشتہ دو سہ ماہیوں میں ہمارے ادارے میں آپ لوگوں نے بہت اچھے کام کئے ہیں، سب سے اعلیٰ اور اہم کام تو ہمارے کھیوڑہ کمیونٹی کے لوگوں کے لئے ہمقدم کمیونٹی کلینک اور ایمبولینس کا اجراء ہے جس کیلئے آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن نے فنڈز مہیا کئے ہیں۔ یہ کلینک صحت کے حوالہ سے کراچی کے مشہور فلاحی ادارے ماری ایڈیلیڈ لیپر وسی سینٹر کے زیر نگرانی کام کرے گا۔

اس کے علاوہ علامہ اقبال پارک، پنڈ دادن خان، کھیوڑہ اسٹاف کالونی میں چلڈرن پارک کا افتتاح ایسے منصوبے ہیں جن سے نہ صرف آپ اور آپ کے بچے بلکہ کمیونٹی کے لوگ اور بچے بھی فائدہ اٹھائیں گے اور ایک صاف اور صحت مند ماحول پائیں گے۔

اس کے ساتھ ساتھ اس سال ہم نے یومِ ارض اور ماحولیات کے عالمی دن کے موقع پر زبردست شجر کاری کی ہے اور دونوں دنوں کو نہایت شاندار طریقہ سے منایا ہے۔ اس حوالہ سے آپ اس رسالہ میں تفصیل پڑھیں گے۔

ہمارے پولیسٹر ورکس پر گزشتہ دنوں لانگ سروس ایوارڈ کی تقریب منعقد ہوئی جس میں ہمارے ساتھیوں کی ادارے کیلئے محنت اور ان کی صلاحیتوں کا اعتراف کیا گیا۔ آپ لوگوں کی اپنے کام سے لگن اور محبت ہی اس ادارے کو بلندی کی طرف لے جارہی ہے اور دیگر اداروں سے ممتاز رکھتی ہے۔

ہمیں اُمید ہے کہ ہم اسی طرح محنت سے لگن سے اور جانفشانی سے کام کرتے رہیں گے اور اپنے آئی سی آئی پاکستان کو پاکستان کے کاروباری اداروں کیلئے ایک مثالی ادارہ ثابت کریں گے۔ (انشاء اللہ) آخر میں آپ سب کو ہمقدم رسالے کی انتظامیہ کی جانب سے عید مبارک۔

ایڈیٹر۔ عبدالغنی

## علم کی روشنی پھیلے گی تو جہالت کے اندھیرے مٹیں گے۔

# لیاری میں آئی ٹی اور انگلش لینگو تیج کورس کا آغاز

22اپریل کو ارتھ ڈے کے موقع پر لیاری میں واقع ووکیشنل ٹریننگ سینٹر میں الفیض کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ کے معائنے کا موقع ملا جہاں لیاری کے طلبہ اور طالبات ایم ایس آفس اور ویب ڈیزائننگ کے کورس پڑھ رہے ہیں اس موقع پر یہ طے کیا گیا کہ لیاری کہ جو بچے حال ہی میں میٹرک کے امتحان دے کر فارغ بیٹھے ہیں اس سینٹر میں ان کیلئے ایم ایس آفس اور انگلش لینگو تیج کورس شروع کیا جائے۔ لیاری کے بچوں میں بڑا ٹیلنٹ چھپا ہے ضرورت اس ٹیلنٹ کو صحیح راستہ دکھانے کی ہے۔ ایک زمانے میں لیاری پاکستان کی فٹبال ٹیم کی نرسری ہوا کرتا تھا اور پاکستان کی فٹبال ٹیم میں سب سے زیادہ نمائندگی لیاری کے لڑکوں کی ہی تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ لیاری کا پاکستان کی باکسنگ میں بھی بڑا اہم کردار رہا ہے۔ یہاں کے کئی باکسرز نے ایشین اور بین الاقوامی ٹورنامنٹس میں پاکستان کی نمائندگی کی ہے۔

اس وقت ایم ایس آفس اور انگلش لینگو تیج کی کلاس میں 200 سے زائد بچے شریک ہیں جس میں سب سے زیادہ تعداد لڑکیوں کی ہے یہ 10 ہفتے کا کورس ہے جو کہ جولائی کے آخری ہفتے تک ختم ہوگا۔

آئی ٹی کورس کیلئے کارپوریٹ آئی ٹی ہیڈ آفس ٹیم کے سربراہ محمد عاطف حسین نے رہنمائی اور ذاتی دلچسپی کا اظہار کیا ہے جبکہ انگلش لینگو تیج کورس لٹریٹ پاکستان کے جگنو سبق کے تعاون سے چلایا جارہا ہے۔

کورس کا باقاعدہ آغاز 16 مئی سے کیا گیا ہے اس موقع پر کارپوریٹ آئی ٹی ہیڈ آفس کے سربراہ محمد عاطف حسین نے کورس میں شامل طلبہ اور طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کمپنی کی جانب سے آپ کی صلاحیتوں کو ابھارنے اور نئی ٹیکنالوجی سے آگاہ کرنے کیلئے یہ کورس کرایا جارہا ہے، آپ لوگوں نے اس کو سیکھنے میں دلچسپی لی تو یہ یقیناً آپ کے مستقبل میں کام آئے گا۔

انگلش لیگو تیج کورس کے حوالے سے لٹریٹ پاکستان جگنو سبق کے کلیم خان نے کہا کہ انگریزی سیکھنا وقت کی ضرورت ہے۔ آپ کمپیوٹر سیکھ رہے ہیں کل جب آپ انٹرنیٹ پر دنیا کے لوگوں سے رابطہ کریں گے تو آپ کو انگریزی کی ضرورت پڑے گی۔ اس کے ساتھ جب آپ عملی زندگی میں قدم رکھیں گے تو وہاں بھی آپ کو جگہ جگہ انگریزی کی ضرورت پڑے گی۔ یہ آپ سب کیلئے بہترین موقع ہے کہ اس پر توجہ دیں اور اپنی استعداد کو بڑھائیں۔

لیاری کے شوشل ورکر اور الفیض کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ کے روح رواں عبدالطیف نے طلبہ اور طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم لیاری کے رہنے والے ہیں اور لیاری کی شناخت کچھ اچھی نہیں ہے آپ لوگوں نے اب لیاری کو سنبھالنا ہے اور اس کی ایک اچھی شناخت بنانی ہے۔ آپ لوگوں کی کامیابی ہی ہماری کامیابی ہے۔ تقریب سے دیگر شرکاء نے بھی خطاب کیا اور کمپنی کی کاوش کو سراہا۔






















# ماحولیات کا عالمی دن

5 جون کو دنیا بھر میں ماحولیات کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ جس کا مقصد دنیا میں بسنے والے افراد کو یہ پیغام دینا ہے کہ یہ دنیا ہمارے لئے تخلیق کی گئی ہے اس کے ماحول کی حفاظت ہم ہی نے کرنا ہے اگر ہم اپنے ماحول کو آلودہ کریں گے تو نقصان ہمارا ہی ہے۔ ہم اپنے ماحول کو اس طرح سے آلودہ کررہے ہیں کہ درخت کاٹ کاٹ کر ان کی جگہ عمارتوں کے جنگل کھڑے کررہے ہیں۔ کارخانوں کی چمنیوں سے اور لاتعداد گاڑیوں سے دھواں خارج کررہے ہیں، چشموں، ندی نالوں میں کچرا ڈالا جارہا ہے پانی کے قدرتی راستوں کو کاٹ کر وہاں آبادیاں بسارہے ہیں جس کے نتیجے میں موسمی تبدیلیاں رونما ہورہی ہیں۔ زمین کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے اور گلیشیئر پگھل رہے ہیں۔ غیر معمولی بارشیں ہورہی ہیں۔ جن کی وجہ سے سیلاب اور زلزلے آرہے ہیں۔ اگر ہم نے اب بھی ماحول کی بہتری کیلئے مناسب اقدامات نہیں کیے تو ہماری آنے والی نسلیں بے تحاشہ مسائل کا شکار ہوں گی۔

ماحول کو بہتر کرنے کا سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ ہم زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور درخت کاٹنے والوں کی سختی سے حوصلہ شکنی کریں۔

آئی سی آئی پاکستان ایک ماحول دوست ادارہ ہے جہاں پر کام کرنے والا ہر فرد ماحول کی حفاظت کا خیال رکھتا ہے اور ماحول دوست سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا ہے۔ چنانچہ ماحول کے عالمی دن کے موقع پر آئی سی آئی پاکستان کی تمام سائٹس پر مختلف تقریبات کا اہتمام کیا گیا جس میں کمیونٹی کے لوگوں نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔



## اینیمل ہیلتھ مینوفیکچرنگ پلانٹ، لاہور

ماحول کے تحفظ کے حوالے سے سب سے بڑی تقریب آئی سی آئی پاکستان اینیمل ہیلتھ مینوفیکچرنگ پلانٹ ملتان روڈ لاہور پر 5 جون بروز اتوار کو منعقد ہوئی جس میں چھٹی کا دن ہونے کے باوجود ایمپلائیز اور کمیونٹی کے لوگوں نے مل کر 600 سے زائد درخت لگائے۔

اس موقع پر اینیمل ہیلتھ کی ٹیم میں بڑا جوش وخروش دیکھنے میں آیا۔ ٹیم کے تمام ممبران صبح سویرے ہی پلانٹ پر پہنچ گئے تھے۔ ہر ممبر یہ چاہ رہا تھا کہ وہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائے۔ اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے ایمپلائیز نے کہا کہ آج ہم کو درخت لگا کر بے حد خوشی ہورہی ہے، ماحول کی بہتری کیلئے ہمیں درختوں کی حفاظت کرنی چاہئے اور زیادہ سے زیادہ درخت لگانے چاہئیں۔





کمیونٹی کے رضا کار محمد جاوید کا کہنا تھا کہ آج میں نے بھی پودے لگائے ہیں اور اپنے بچوں کے نام سے لگائے ہیں میں تمام لوگوں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ بھی کم از کم ایک پودا لگائیں اور اپنے بچوں کے نام سے لگائیں۔

صبور احمد بزنس منیجر نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ہم نے گزشتہ سال یہاں پر 200 کے قریب پودے لگائے تھے اور اس سال ہمارے لوگوں نے کمیونٹی کے ساتھ ملکر 600 سے زائد پودے لگائے ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان ایک ذمہ دار ادارہ ہے جو کہ ماحول کے تحفظ کا ہمیشہ خیال رکھتا ہے۔ ہمارا آج کا یہ عمل ہمارے اس عہد کی تجدید کا مظہر ہے کہ ہم صاف ماحول، تازہ ہوا پر یقین رکھتے ہیں اور اپنے ماحول کا تحفظ کرتے ہیں۔







## سوڈا ایش کھیوڑہ I Love Tree

ہمارے سوڈا ایش پلانٹ کھیوڑہ میں ماحول کے تحفظ کے حوالے سے تقریب الکلی اسپورٹس کلب میں منعقد کی گئی جس سے خطاب کرتے ہوئے سعید اقبال، سیفٹی منیجر نے شرکاء سے کہا کہ ہمیں ماحول کو آلودہ ہونے سے بچانا ہے، زیادہ سے زیادہ درخت لگانے ہیں تا کہ ماحول صاف، خوبصورت اور آلودگی سے پاک نظر آئے۔ راجہ غلام اکبر، ٹریننگ آفیسر اور مصدق حسنین سیفٹی آفیسر نے اس دن کی مناسبت سے بچوں کیلئے کوئز مقابلے کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جس کا مقصد یہ تھا کہ بچوں میں ماحول کی حفاظت اور آلودگی کی وجہ سے پیدا ہونے والے نقصانات کے بارے میں ان میں شعور پیدا کیا جائے۔ بچوں نے اس مقابلے میں بڑے جوش وخروش سے حصہ لیا۔ جیتنے والے بچوں میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔ اس دن کی مناسبت سے میں درخت سے پیار کرتا ہوں (I Love Tree) سلوگن کے ساتھ بچوں نے اظہار یکجہتی بھی کیا۔ تقریب کے آخر میں تمام شرکاء اور بچوں نے ملکر شجرکاری مہم میں حصہ لیا۔








# پولیئسٹر پلانٹ شیخوپورہ

ہمارے پولیئسٹر پلانٹ شیخوپورہ پر یاسر رفیق، ٹریننگ آفیسر اور خرم شہزاد نے انوائرمنٹل پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب کے تعاون سے ماحولیات کا عالمی دن منایا۔ ان کی تقریب کا موضوع تھا جنگلی حیات کی غیر قانونی تجارت اور اسمگلنگ جس میں جنگلی حیات کے حوالے سے جاری غیر قانونی سرگرمیاں اور ان کے سد باب پر زور دیا گیا کیونکہ ان کی مناسب تعداد میں موجودگی ماحول کو تحفظ فراہم کرتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر ایک آگاہی واک کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جس کے بعد مہمانِ خصوصی ڈسٹرکٹ اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر محکمہ تحفظ ماحولیات، شیخوپورہ اور تمام شعبہ جات کے سربراہان نے شجر کاری مہم میں حصہ لیا، حکومتی عہدیداران نے آئی سی آئی پاکستان پولیئسٹر بزنس ٹیم کی کارکردگی کو بے حد سراہا کہ آئی سی آئی پاکستان ملک کے ان چند اداروں میں شامل ہے جو کہ ماحول کے تحفظ کا بے حد خیال رکھتے ہیں۔















## چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی

# لیاری میں بنیادی الیکٹریکل وائر مین کورس کا آغاز

لیاری کراچی کا ایک گنجان آباد علاقہ ہے۔ غربت اور بے روزگاری کی وجہ سے علاقے میں جرائم اور معاشرتی مسائل بہت زیادہ ہیں جس کی وجہ سے مجموعی طور پر لیاری کی شناخت کراچی شہر میں کچھ اتنی اچھی نہیں ہے۔ جبکہ حکومت اور سماجی اداروں نے علاقے میں بہت سے اچھے اچھے کام کئے ہیں ان ہی میں سے ایک سماجی ادارے کی جانب سے تعمیر کیا گیا ووکیشنل ٹریننگ سینٹر ہے جو کہ اس وقت حکومت سندھ کے ماتحت ہے لیکن وسائل کی کمی کا شکار ہونے کی وجہ سے کچھ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کر پا رہا۔ اس سینٹر میں الیکٹریکل، آٹو میکنک، ووڈ ورکس، ویلڈنگ اور موٹر وائنڈنگ کے ٹریڈز موجود ہیں۔ گزشتہ دنوں اس سینٹر کی منجمنٹ کمیٹی نے طے کیا کہ سینٹر میں موجود سہولیات سے لیاری کے بچوں کو ہنر سکھائے جائیں تاکہ وہ معاشرے میں اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں اور گھر والوں کے اخراجات میں مدد کر سکیں۔

اس حوالے سے لیاری کے نوجوانوں کے لئے بنیادی الیکٹریکل وائر مین کے شارٹ کورس کا آغاز 31 مئی کو عبداللہ ہارون گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ سینٹر۔ کھڈہ مارکیٹ لیاری میں ایک سادہ اور پر وقار تقریب میں کیا گیا۔ کورس میں فی الحال 24 نوجوان شریک ہیں۔ کورس کے آغاز کی تقریب میں لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز کی مس ندا کرمانی اور آئی سی آئی پاکستان کی جانب سے محمد حنیف شیخ نے خاص طور سے شرکت کی اور ان نوجوانوں سے گفتگو کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ جس دن آپ لوگ اپنے پیروں پر کھڑے ہونا سیکھ جاؤ گے اس دن سے لیاری بدلنا شروع ہو جائے گا اگر آپ نے پوری دلچسپی اور توجہ سے سیکھا تو یہ چھوٹا سا کورس آپ کی شخصیت بدل ڈالے گا۔

کورس کے طالباء نے اپنے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ہم ضرور یہ ہنر دل لگا کر سیکھیں گے اور لیاری کی شناخت بدلنے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔





# ککاپیر میں تعلیم بالغان کی نئی کلاس کا آغاز

آئی سی آئی پاکستان کی جانب سے ککاپیر کے باشندوں کے لیئے کئی فلاحی منصوبے تکمیل پاچکے ہیں اور کچھ مسلسل جاری ہیں۔ان ہی میں سے ایک گوٹھ کی خواتین کیلئے تعلیم بالغان کا پروگرام ہے۔ کچھ عرصہ قبل ککاپیر میں یہ پروگرام شروع کیا گیا تھا جس میں گوٹھ کی 29 خواتین نے حصہ لیا۔ان میں سے کچھ نے مزید تعلیم حاصل کرنے کی خواہش کا اظہار کیا اور گزشتہ دنوں انھوں نے جگنو تیز ترین کا دوسرا مرحلہ کامیابی سے مکمل کرلیا یہ مرحلہ گورنمنٹ کے بنیادی تعلیم کی تکمیل کے برابر ہے۔

14 مئی کو ککاپیر میں تعلیم بالغان کی دوسری کلاس کا آغاز ہوا جس میں فی الحال 16 خواتین اور گوٹھ کی وہ لڑکیاں جو اپنی عمر کے مطابق باقاعدہ اسکول میں تعلیم حاصل نہ کرسکی اب اپنی اس کمی کو پورا کرنے کی کوشش کررہی ہیں۔کلاس روم کیلئے گوٹھ ہی کے ایک علم دوست عبدالغنی نے اپنے گھر کا ایک کمرہ وقف کیا ہے۔

کلاس کا رسمی افتتاح کلاس کی سب سے سینئر طالبہ رحیما نے کیا۔ واضح رہے کہ یہ رحیما ہی کا شوق اور ولولہ تھا جس نے ککاپیر میں تعلیم بالغان کا آغاز کروایا لیکن بیماری کے باعث پہلے گروپ میں اپنی تعلیم جاری نہ رکھ سکی۔ رحیما نے اس موقع پر کہا کہ میں چاہتی ہوں کہ گوٹھ کی ہر عورت کم از کم اتنی تعلیم حاصل کرے کہ اپنا نام لکھ سکے، تھوڑا بہت اخبار پڑھ سکے، انگریزی کے کچھ الفاظ سمجھ سکے۔ میں گوٹھ کی تمام عورتوں سے اپیل کرتی ہوں کہ وہ اپنے بچوں کو اسکول بھیجیں اور خود بھی یہاں تعلیم حاصل کریں۔










# تعارف

## چوہدری محمد اکرم قیصر



میرا نام چوہدری محمد اکرم قیصر ہے۔ میں نے 21 مارچ 1985ء کو بطور الیکٹریشن ہلپر گریڈ نمبر 6، آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کو جوائن کیا۔ میرے والد محترم جناب چوہدری محمد شفیع مالی نے ادارہ ہذا میں تقریباً 30 سال سروس کی اور دوران سروس ہی 1980ء میں وفات پائی۔

الحمدللہ! اس ادارے نے مجھے اس قابل بنایا کہ میں بہترین طریقے سے اپنی فیملی کے ساتھ زندگی بسر کرسکوں۔ میرے تین بیٹے اور دو بیٹیاں ہیں اللہ کے فضل وکرم سے میں اپنی بیٹیوں کے فرض سے سبکدوش ہوگیا ہوں اور تینوں بیٹے اپنی تعلیم مکمل کررہے ہیں۔

دوران سروس میں سی بی اے یونین کا ایک متحرک کارکن رہا ہوں۔ اس لئے اپنے ادارے کے کام کرنے کے انداز کو بہت قریب سے دیکھنے کا موقع ملا ہے۔ آئی سی آئی پاکستان اپنے ایمپلائز اور لوکل کمیونٹی کا بہت خیال رکھتی ہے۔ مجھے بلدیاتی الیکشن کے ذریعے وائس چیئر مین کھیوڑہ بننے کا بھی موقع میسر آیا۔ اس دوران کمپنی نے کمیونٹی کے لئے خطیر رقم خرچ کرتے ہوئے قبرستان کے لئے وسیع وعریض جگہ (40 کنال 11 مرلے) اور جنازہ گاہ تعمیر کر کے دی۔ علاقے بھر کا کوئی تعلیمی ادارہ ایسا نہیں ہے جہاں کوئی نہ کوئی کام ہمارے ادارے نے نہ کیا ہو۔ ہمارا ہسپتال علاقے بھر کے لئے امید کی ایک روشن کرن ہے۔ ماہانہ آئی کیمپ کا لوگ نہایت بے چینی سے انتظار کرتے ہیں۔

آئی سی آئی کی فائر فائٹنگ ٹیم پورے علاقے میں حادثات کی صورت میں سب سے پہلے پہنچے کے شاندار ریکارڈ کی حامل ہے۔ پوری کمیونٹی کو 24 گھنٹے آئی سی آئی پاکستان پینے کا پانی مہیا کررہی ہے۔ حال میں کھیوڑہ میں ہمقدم کمیونٹی کلینک اور پنڈ دادن خان میں علامہ اقبال میونسپل پارک ہمارے ادارے کے نہایت ہی شاندار عوامی منصوبے ہیں۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے کمیونٹی کے اندر یہ احساس مزید پختہ ہوا ہے کہ آئی سی آئی پاکستان اپنے ایمپلائز کے ساتھ ساتھ پوری کمیونٹی کا خیال رکھنے والی کمپنی ہے۔

میں دعا گو ہوں کہ ہمارا ادارہ آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ دن دگنی رات چگنی ترقی کرے (آمین) اور ہماری آنے والی نسلیں بھی اس ادارے سے فیض یاب ہوں۔

## محمد ذیشان اظہر



میرا نام محمد ذیشان اظہر ہے۔ میں نے حسنین مثالی سکول پنڈ دادن خان سے 2012 میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ جس میں میری فرسٹ ڈویژن آئی۔

اس کے بعد حصولِ تعلیم کے لئے واہ کینٹ گیا۔ اور وہاں پنجاب کالج آف ایکسی لینس سے ایف سی ایس 2015ء میں کیا۔ اس کے بعد اچھے مستقبل کے لئے 18 جنوری 2016 کو ٹیکنیکل کیمیکل اپرنٹس جوائن کیا اور یہاں آکر زندگی کا اصل مقصد معلوم ہوا۔

آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں آنے کے بعد میں نے دیکھا کہ یہ ادارہ تمام شعبوں میں نظم وضبط اور سیفٹی کے اصولوں کی پاسداری میں اپنی مثال آپ ہے اور اس کی ترقی اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

میرے والد محترم عرصہ تقریباً 25 سال سے الیکٹریکل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ میں کام کررہے ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان بطور ادارہ غریب لوگوں کے فلاحی کاموں میں بھرپور معاونت کرتا ہے۔ رفاہی کاموں میں ہمیشہ سب سے آگے ہوتا ہے اور انشاءاللہ ہمیشہ سب سے آگے رہے گا۔

ہمارے سینئر بہت ذہین لائق اور بہت قابل عزت ہیں۔ ہماری انتظامیہ کی ٹیم بہت اعلیٰ ہے۔

میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں۔ اور ساتھ ہی میں آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جس نے مجھے ملازمت کا موقع فراہم کیا۔ ربِ ذوالجلال سے دعا ہے وہ ذاتِ کریم آئی سی آئی پاکستان اور اس سے وابستہ تمام لوگوں کو اپنے حفظ امان میں رکھے اور ہمیں محنت اور سچی لگن سے کام کر کے رزقِ حلال کمانے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

منجانب: محمد ذیشان اظہر ولد اظہر حسین۔
اپرنٹس نمبر 180193
ٹیکنکل ڈیپارٹمنٹ آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کھیوڑہ

## نعمان حسن



میرا نام نعمان حسن ہے۔ میں پنڈ دادن خان کا رہائشی ہوں میں نے BSC کا امتحان 2014ء میں گورنمنٹ البیرونی ڈگری کالج سے پاس کیا۔ اس کے بعد آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کو بطور لیب اپرنٹس جوائن کیا۔ جو کہ فروری 2016 کو مکمل ہوچکی ہے۔

ان دوسالوں کے دوران میں نے اپنے سنیئر سے مل کر ایک ٹیم کی طرح کام کیا۔ جس سے مجھے بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔

میں اُن کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور یہ دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔ (آمین)

## چہرہ اور مستحق

انسان کا چہرہ عمر اور وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ درج ذیل میں عمر کے مختلف ادوار اور اس وقت چہرے کی ہیئت کے بارے میں دلچسپ مشاہدہ آپ کے لیے پیش کیا جارہا ہے۔

20 سال کی عمر میں ہمارا چہرہ وہ ہوتا ہے جو قدرت نے عطا کیا تھا۔

30 سے 40 سال کی عمر میں اس کی ہیئت زندگی کے تجربات اور زمانے کے حادثات کا نتیجہ ہوتی ہے۔

اور

60 سال یا اس سے زیادہ عمر میں ہمارا چہرہ وہ ہیئت اختیار کر لیتا ہے جس کے دراصل ہم مستحق ہوتے ہیں۔

# فائرڈرل ایمرجنسی ریسپانس

آئی سی آئی پاکستان سوڈاایش میں ایمرجنسی ریسپانس ڈِرل19 فروری2016ءکوشٹ ڈاؤن سے پہلے کی گئی۔
اس ایمرجنسی ریسپانس ڈِرل کا مقصد لوگوں کا اپنا اپنا رول اور رویہ چیک کرنا تھا۔اس ایمرجنسی ریسپانس ڈرل میں سیفٹی منیجر سعید اقبال اور فائرآفیسر مصدق حسنین نے اپنا لیڈنگ رول ادا کیا۔اس فائز ایمرجنسی ریسپانس ڈِرل میں ہمارے سوڈاایش کے فائر ایمرجنسی سکواڈ نے اپنا کام بخوبی انجام دیا اور بروقت آگ کو بجھایا۔اس کے ساتھ ساتھ پراجیکٹ ٹیم کے سیفٹی انسپکٹرز نے بھی اس ایمرجنسی ڈِرل میں اپنا کردار بخوبی نبھایا اور ورکس ٹیم کے ساتھ ملکر آگ کو بجھایا۔ورکس منیجر محمد عمر مشتاق اور پراجیکٹ منیجر احسن عبدالقیوم نے اس کامیاب ایمرجنسی ڈِرل پر مبارکباد دی اور اس میں مزید بہتری پر زور دیا تاکہ ہم حادثات سے بچ سکیں۔ایمرجنسی ڈِرل کے اختتام پر سیفٹی منیجر سعید اقبال نے تمام مینجمنٹ اسٹاف، ملازمین اور پراجیکٹ اسٹاف کا شکریہ ادا کیا۔



# کام کے دوران موبائل کا استعمال

سوڈاایش کا ایچ ایس ای ڈیپارٹمنٹ ہمہ وقت ایچ ایس ای سے متعلقہ مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل پر توجہ دلانے پر کاربند رہتا ہے۔اس سلسلہ میں ایچ ایس ای نے ایک اور توجہ دلاؤ مہم کا آغاز کیا جوکہ پلانٹ پر کام کے دوران موبائل فون سننے کے متعلق تھی۔ٹیم سے مشاورت کے بعد اس کی تشہیری اور ٹریننگ سیشن کا اہتمام کیا گیا۔اس ٹریننگ سیشن میں کام کے دوران حادثات اور موبائل فون کے سننے کی وجہ سے پیش آنے والے چند حادثات کے نشاندہی اور ان کے بارے میں گفتگو کی گئی۔ان میں سرفہرست اونچائی پر کام کے دوران اور دورانِ ڈرائیونگ موبائل فون کے استعمال سے ہونے والے حادثات کی نشاندہی اور اعداد وشمار پیش کیے گئے۔
ورکس منیجر محمد عمر مشتاق نے بھی اس مہم کی اہمیت پر زور دیا اور بتایا کہ کام کے یا ڈرائیونگ کے دوران ایک فون کال کسی کیلئے کتنی خطرناک یا جان لیوا ثابت ہوسکتی ہے۔انھوں نے سب کو موبائل فون کے محتاط استعمال کا مشورہ دیا۔
ورکس ایریا، رہائشی کالونی اور مین روڈ پر ہیڈ بل پینافلیکس آویزاں کرکے لوگوں میں آگاہی پیدا کی گئی۔






# محفوظ ڈرائیونگ کی تربیت

آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کے ٹریننگ سینٹر میں پچھلے دنوں چکوال گڈز کے عارضی ڈرائیورز کی تربیت کے لئے ایک کورس کا اہتمام کیا گیا۔اس کورس کا موضوع محتاط اور محفوظ ڈرائیونگ تھا۔اس کورس میں سیفٹی منیجر سعید اقبال، ٹریننگ آفیسر راجہ غلام اکبر اور ڈسیچ آفیسر ملک ٹبہ شیر نے بطور ٹرینرز شرکت کی اور تمام ڈرائیورز کی توجہ اس طرف دلائی گئی کہ ڈرائیونگ کے دوران سڑک کے حالات، ٹریفک کے دباؤ، اوجھل نقطے، ڈرائیور کی طبعی حالت، نیند کے ڈرائیور پر اثرات اور گاڑی کی حالت کے بارے میں آگاہی دی گئی اور اس بات پر زور دیا گیا کہ ڈرائیونگ کرتے وقت موبائل فون کا استعمال ہرگز نہ کریں اور پلانٹ ایریا میں داخل ہوتے وقت 10 کلومیٹر فی گھنٹہ رکھیں تاکہ حادثات سے محفوظ رہا جاسکے۔



# حج مبارک قرعہ اندازی 2016

آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس میں حج مبارک 2016ء کے لئے قرعہ اندازی مورخہ 21 جنوری 2016ء کو مین ایڈمن ہال میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس مہمان خصوصی تھے۔ تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس، سی بی اے کے نمائندگان اور ایمپلائز نے اس تقریب میں بھرپور شرکت کی۔

قرعہ اندازی کے نتیجے میں 07 خوش نصیب ایمپلائیز کے نام سامنے آئے، جو کہ درج ذیل ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (1) | حبیب اللہ ورکس نمبر | 20149 |
| (2) | امیر محمد ورکس نمبر | 20225 |
| (3) | محمد شریف ورکس نمبر | 20149 |
| (4) | غلام شبیر ورکس نمبر | 20306 |
| (5) | طارق محمود ورکس نمبر | 20135 |
| (6) | ظفر اقبال ورکس نمبر | 20267 |
| (7) | محمد رمضان ورکس نمبر | 20283 |

31 دسمبر 2016ء کو ریٹائر ہونے والے ایمپلائز کی الگ سے قرعہ اندازی ہوئی۔

اُن میں سے ایک خوش نصیب کا نام نکلنا تھا۔ قرعہ اندازی میں محمد مشتاق ورکس نمبر 20027 کا نام نکلا۔

قرعہ اندازی کے بعد تمام لوگوں نے خوش نصیب ایمپلائز کو گلے لگ کر مبارکباد دی۔ خوش نصیب ایمپلائز جن کا نام حج مبارک 2016ء کے لئے بذریعہ قرعہ اندازی نکلا وہ آئی سی آئی پاکستان کے لئے بہت زیادہ دعا گو ہیں کہ ہمارا ادارہ دن دگنی اور رات چگنی ترقی کرے۔ (آمین)







سوڈا ایش

# ورکس میں اے ٹی ایم (ATM) مشین کا افتتاح

سوڈا ایش بزنس نے ایمپلائز کی سہولت اور سیکیورٹی کو مدِنظر رکھتے ہوئے مسلم کمرشل بینک کے تعاون سے سوڈا ایش ورکس میں ATM مشین نصب کی ہے۔ ATM مشین کی بدولت ورکس میں موجود ایمپلائز خصوصاً شفٹ ایمپلائز اس سہولت سے بھرپور مستفید ہوسکیں گے۔

ATM مشین کا باقاعدہ افتتاح سہیل اسلم خان وائس پریزیڈنٹ سوڈا ایش وپولیسٹر نے 8 جنوری 2016ء کو فرمایا۔ محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس اور منیجر مسلم کمرشل بینک محترمہ ندا بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ سہیل اسلم خان نے امید ظاہر کی کہ ہمارے ایمپلائز اس ATM مشین سے بھرپور استفادہ کریں گے اور ATM مشین کی تنصیب پر کام کرنے والی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔





# رویوں کی بنیاد پر سیفٹی میں بہتری کے لئے پلانٹ راؤنڈ



پلانٹ پر خود احتسابی کے ساتھ ساتھ مسلسل انسپکشنز اور سسٹم کو پرکھنے کا عمل حادثات کے تدارک کے لئے ضروری ہے۔ پلانٹ پر رویوں میں بہتری کے کلچر کو فروغ دینے کے لئے اسٹاف کی ہم آہنگی اہم رول ادا کرتی ہے۔ اسی سلسلے میں ورکس منیجر محمد عمر مشتاق اور سیفٹی منیجر سعید اقبال نے عمومی رویوں کا جائزہ لینے کے لئے پلانٹ کا دورہ کیا اور ملازمین سے ملاقات کر کے ان کے غیر محفوظ طرزِ عمل اور صورتحال کی نشاندہی کرتے ہوئے اس میں بہتری لانے پر زور دیا۔

# سوڈا ایش میں انجری فری شٹ ڈاؤن فروری 2016









یوں تو ہمہ وقت آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ سوڈا ایش کی انتظامیہ، ملازمین اور کنٹرکٹرز اسٹاف کی محنت سے ہونے والا انجری فری شٹ ڈاؤن مورخہ 23 فروری سے 25 فروری بخیر و عافیت اختتام پذیر ہوا۔
یہ شٹ ڈاؤن پلانٹ پر بڑے بڑے کاموں پر مشتمل تھا جس میں ضروری میٹینس اور ایکسپنشن پراجیکٹ کے Tie In شامل تھے۔





اس محفوظ شٹ ڈاؤن کے شروع ہونے سے پہلے خصوصی طور پر سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے تربیتی پروگرام ترتیب دیے گئے تھے۔ جن میں سیفٹی انسپیکٹر ز، ویلڈرز، ریگرز اور پراجیکٹ سٹاف کو ٹریننگ دی گئی جس میں ورکس منیجر محمد عمر مشتاق، ہیڈ پراجیکٹ احسن عبدالقیوم اور سیفٹی منیجر سعید اقبال نے ٹریننگ سینٹر آ کر ان تمام رفقائے کار کو اپنا اپنا پیغام دیا اور ان سے اس بات کا عہد لیا کہ ہم سب مل کر سیفٹی کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے اس شٹ ڈاؤن کو انجری فری بنائیں گے۔
اس انجری فری شٹ ڈاؤن میں سیفٹی انسپکٹرز کی مانیٹرنگ، غیر محفوظ صورتحال کی نشاندہی پر فی الفور عمل نے سوڈا ایش کی ٹیم کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔
دورانِ شٹ داؤن انجینئرنگ منیجر حسان اقبال، پروڈکشن منیجر صابر محمود، ٹیکنیکل منیجر توفیق چیمہ اور سیفٹی منیجر سعید اقبال مسلسل باہمی رابطہ میں رہتے اور نگرانی کرتے رہے۔
شٹ ڈاؤن کے تمام کاموں کو محفوظ طریقے سے سرانجام دینے پر ورکس منیجر محمد عمر مشتاق نے خصوصی شاباش دی۔

# ایمپلائز یونین الیکشن برائے سال 2016-2018













17 مئی 2016 کو جنرل باڈی اجلاس میں ایمپلائز یونین کے سابقہ جنرل سیکریٹری سلیم انجم نے 2 جون 2016ء کو نئے الیکشن کرانے اور چیف الیکشن کمیشن حاجی محمد نعیم اور ان کی معاون ٹیم کا اعلان کیا۔ یہ ایک جمہوری عمل ہے۔ اس میں ہر آدمی کو اپنی رائے کا اظہار کرنا ہوتا ہے تاکہ اپنے مسائل اور تحفظ کے لئے ایک نئی سی بی اے (CBA) منتخب کرے۔

اس بار سوڈا ایش میں تین گروپ نے حصہ لیا۔ مزدور دوست گروپ، مزدور اتحاد گروپ اور نیا گروپ مزدور خوشحال گروپ نے اپنے اپنے امیدوار میدان میں اتارے۔ سابقہ یونین مزدور اتحاد گروپ اپنے ورکرز کو اپنی پچھلے دو سال کی کارکردگی پر مطمئن نہ کر سکی۔ اسلئے مزدور اتحاد گروپ جنکا انتخابی نشان جھنڈا تھا ان کے مین لیڈر سلیم اصغر اور سلیم انجم نے اس الیکشن میں حصہ نہیں لیا۔ اپنی جگہ پر نئے لوگوں کو متعارف کرایا اور اپنے گروپ کی رہنمائی کی۔

مزدور خوشحال گروپ انتخابی نشان ترازو نئی ٹیم کے ہمراہ میدان میں آئے۔ اور پہلی دفعہ الیکشن میں حصہ لیا۔ مزدور دوست گروپ انتخابی نشان پھول کے ساتھ میدان میں اترے ان کے امیدواروں میں چند نئے اور پرانے لوگ شامل تھے۔ 18 مئی سے 2 جون تک سوڈا ایش میں خوب گہما گہمی رہی۔ کارنر میٹنگ۔ نئے نئے بینرز اور امیدوار ناراض ورکرز بھائیوں کو منانے اور راضی کرنے کی کوششیں کرتے رہے۔ اور آخر 2 جون 2016ء کو صبح 6:30 بجے الکلی اسپورٹس کلب میں الیکشن کمیشن حاجی محمد نعیم انکی معاون ٹیم تینوں گروپ کے پولنگ ایجنٹ بمعہ آئی آر ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم راجہ راغب حسن، چوہدری برکات احمد کے ہمراہ آموجود ہوئی۔ پولنگ سے پہلے تلاوت کی گئی اور دعا مانگی گئی۔

چیف الیکشن کمیشن حاجی محمد نعیم نے سب لوگوں کی موجودگی میں



پولنگ بکس کو تالا لگایا اور سیل کیا۔ پولنگ کا آغاز ہوا، ٹوٹل ووٹ 241 تھے۔ شام 5 بجے تک 240 ووٹ کاسٹ ہوئے۔ ایک ووٹ اسلئے کاسٹ نہ ہوسکا کہ وہ ورکر عمرہ کی ادائیگی کے لئے ملک سے باہر تھا۔

2 جون کو دن بھر تینوں گروپس کے نامزد امیدوار اپنے اپنے ووٹروں کو پولنگ اسٹیشن تک لاتے رہے اور بڑھ چڑھ کر کوششیں کرتے رہے حتیٰ کہ کھانے کے وقت اپنے اپنے کیمپ میں دیگیں پکوا کر خدمت کرتے رہے تاکہ ووٹ حاصل کیے جائیں۔

رات 9 بجے چیف الیکشن کمیشن حاجی محمد نعیم نے تمام لوگوں کی موجودگی میں رزلٹ کا اعلان کیا۔ کوئی گروپ مکمل کامیاب نہیں ہو

سکا۔ ورکرز نے مخلوط یونین کا چناؤ کیا۔ وہ اس طرح کہ مزدور اتحاد گروپ انتخابی نشان جھنڈا کو تین سیٹیں ملیں۔ آرگنائزر محمد صغیر بٹ، نائب صدر اطہر حسین شاہ، آفس سیکریٹری مرزا ناظم حسین۔
مزدور دوست گروپ کو بھی تین سیٹیں ملیں (انتخابی نشان پھول) جنرل سیکریٹری ملک محمد اجمل ایڈیشنل جوائنٹ سیکریٹری طاہر جاوید خواجہ اور رابطہ سیکریٹری ملک محمد رمضان۔
مزدور خوشحال گروپ جنکا انتخابی نشان ترازو تھا۔ اُن کو چھ سیٹیں ملیں۔ صدر شہزاد گل، ایڈیشنل نائب صدر سید رسول، جوائنٹ سیکریٹری طارق محمود خزانچی محمد عمران، پریس سیکریٹری احمد خان اور پروپیگنڈہ سیکریٹری عبدالرزاق عرف نونی نے حاصل کی۔ نئے گروپ نے سب سے زیادہ سیٹیں حاصل کیں، رات کو جیتنے والوں کے حامیوں نے ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے اور لڈی ڈالی، خوب جشن منایا، رزلٹ سننے کے بعد جنرل سیکریٹری ملک محمد اجمل اور صدر شہزاد گل نے وہیں پر لوگوں سے خطاب کیا اور تمام ورکرز کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے ہمیں کامیاب کیا۔ ورکرز کو یقین دلایا اب ہم سب ایک باڈی ہیں اور مشن بھی ایک ہی ہے۔ ورکرز کی بہتری کے لئے کام کرنا۔ گروپ الیکشن سے پہلے تھے آج سب گروپ ختم ہوگئے ہیں ہم سب ایک ہیں۔
آخر میں اس فنکشن کے اسٹیج سیکریٹری ملک محمد امیر نے تمام لوگوں کا اور آئی سی آئی کی انتظامیہ خاص طور پر آئی آر ڈیپارٹمنٹ کے سلیم احمد صدیقی راجہ راغب حسین اور چوہدری برکات احمد کا شکریہ ادا کیا۔ جنہوں نے اس الیکشن میں ہماری رہنمائی اور مدد کی۔





# 4 مئی انٹرنیشنل فائیر فائیٹرڈے

کسی بھی جگہ آگ لگنے کی صورت میں آگ بجھانے کے وسائل اور اس کے عملے کی مہارت اور چابکدستی آگ بجھانے کے عمل میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ آگ بجھانے کا عمل اتنا خطرناک ہے کہ بعض اوقات عملے کو اپنی جان سے بھی ہاتھ دھونا پڑتے ہیں چنانچہ آگ بجھانے والے عملے کے کردار اور ان کی اہمیت کا احساس دلانے کیلئے دنیا بھر میں ہر سال 4 مئی کو فائر فائیٹرز کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔
آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کی فائر فائیٹر ٹیم علاقے میں کسی بھی حادثے کی صورت میں فوراً پہنچتی ہے۔ اس حوالے سے ہماری فائر فائیٹر ٹیم کا ریکارڈ بہت اچھا ہے مقامی حکومتی ادارے اور دیگر شعبے ہماری فائر فائیٹرز ٹیم کی کارکردگی کو بے حد سراہتے ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش میں بھی عالمی فائیر فائیٹرز ڈے منایا گیا جس میں سیفٹی مینیجر سعید اقبال، ٹیکنیکل مینجر توفیق چیمہ، آئی آر مینجر سلیم صدیقی نے شرکت کی۔ اس موقع پر سعید اقبال سیفٹی مینیجر نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور فائیر فائیٹرز کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر مہمان خصوصی ٹیکنیکل مینجر توفیق چیمہ اور آئی آر مینجر سلیم صدیقی نے بھی اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور آئی سی آئی فائیر فائیٹرز کی کھیوڑہ کمیونٹی کے لئے بےلوث خدمات کو سراہا۔





# آئی سی آئی سوڈا ایش کے ایمرجنسی سکواڈ کی شاندار کارکردگی کھیوڑہ میں لگنے والی آگ پر قابو پا کر مزید نقصان سے بچالیا۔

چھوٹے چھوٹے حادثات واقعات کونظرانداز کر کے ہم مزید ایسے حادثات کی راہ ہموار کرتے ہیں جو بعض اوقات انتہائی پریشان کن بن جاتے ہیں۔ صنعتی اور رہائیشی مقامات پر آگ لگنے کی وجوہات پرغور کریں تو یہ بات سمجھ آتی ہے کہ معمولی سے احتیاط اور سوجھ بوجھ ہمیں ان خطرات سے محفوظ رکھ سکتی ہے۔ یہ ایک عام فہم بات ہے کہ آگ اگر کنٹرول میں رہے تو رحمت ہے اور حد سے بڑھ جائے تو زحمت ہے۔ ایسا ہی ایک واقعہ 4 مئی کو صبح ½4 بجے محلّہ دھمرایا عیدگاہ کے نزدیک ایک کھڑے ہوئے ٹرک کے ساتھ پیش آیا اس ٹرک میں آگ لگ گئی جس کی اطلاع ٹائم آفس آئی۔ ٹائم کیپر نے شفٹ انچارج کو CCR میں اطلاع کرتے ہوئے ساتھ ہی فائر سکواڈ کے ممبران کو بھی کالونی سے کال کرلیا۔

فائر سکوڈ میں ملک محمد امیر، سید مختار حسین شاہ، ملک قمر حسین اور چوہدری اکرم شامل تھے۔ فائر سکوڈ جب آگ والی جگہ پر پہنچے تو دیکھا کہ آگ ٹرک کے اگلے حصہ میں لگی ہے۔ اسکے شعلے آسمان سے باتیں کررہے تھے۔ ایمرجنسی سکواڈ نے آگ کو کنٹرول کرنے کیلئے پانی کا اسپرے شروع کردیا۔ 10 منٹ میں آئی سی آئی کی ریسکیو ٹیم نے آگ پر قابو پالیا اور آگ کو مزید پھیلنے سے روک دیا۔

ٹرک کے ڈرائیور اور اہل محلّہ کے لوگوں نے ریسکیو ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور آئی آئی سوڈا ایش کے ایس ایچ ای منیجر سعید اقبال اور ورکس منیجر محمد عمر مشتاق کا بھی شکریہ ادا کیا۔ آئی سی آئی پاکستان کے سیفٹی کے اسٹینڈرڈز دیگر اداروں کے لئے رول ماڈل کا درجہ رکھتے ہیں۔ اگر دیگر تمام ادارے بھی اسی طرح اپنی فیکٹریز میں سیفٹی کے اقدامات کرلیں تو آگ سے ہونے والے نقصانات سے بچا جاسکتا ہے۔ کیونکہ کسی بھی جگہ آگ لگنے کی صورت میں ابتدائی پانچ منٹ سب سے اہم ہوتے ہیں۔








سوڈا ایش

# موٹرسائیکل لون 2016ء قرعہ اندازی

سوڈا ایش بزنس میں موٹر سائیکل لون 2016ء کے لئے قرعہ اندازی 24 مئی 2016 بروز منگل منعقد ہوئی۔ قرعہ اندازی کی تقریب ایڈمن ہال میں 4 بجے سہ پہر شروع ہوئی۔ اس موقع پر محمد مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس مہمان خصوصی تھے۔ تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ، سی بی اے آفیشلز اور کارکنان کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔

قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے خوش نصیب کارکنان کو لون کے چیک تقسیم کردیئے گئے ہیں۔ لون حاصل کرنے والے ورکر اپنا نام قرعہ اندازی میں آنے پر بہت خوش ہوئے۔ انہوں نے ایک دوسرے کو مبارکباد دی اور اس مفید سہولت پر کمپنی کا شکریہ ادا کیا اور ادارے کی ترقی کے لئے دعائیں کیں۔








# الوداع چوہدری محمد امیر الیکٹریکل آفیسر





چوہدری محمد امیر ضلع جہلم کے گاؤں کسیاں میں 3 جون 1958ء کو پیدا ہوئے۔ابتدائی تعلیم گاؤں کے سکول میں حاصل کی اور میٹرک گورنمنٹ ہائی سکول کھیوڑہ سے کیا۔میٹرک کے بعد آئی سی آئی سوڈا ایش میں عارضی طور پر الیکٹریکل ڈیپارٹمنٹ سے کام کا آغاز کیا۔انکی محنت کو دیکھتے ہوئے انتظامیہ نے یکم اگست 1982ء کو آئی سی آئی سوڈا ایش میں بطور الیکٹریشن مستقل ملازمت دیدی۔چوہدری امیر نے اپنی سروس کے دوران خوب محنت کی۔ترقی کے منازل طے کرتے ہوئے آخر کمپنی نے انہیں گریڈ 0 3 میں ترقی دے کر الیکٹریکل مینٹننس آفیسر بنا دیا۔2 جون 2016ء کو 34 سال کی سروس مکمل کرنے پر ریٹائر ہوئے۔انہوں نے اپنی سروس کا زیادہ ٹائم پاور جنریشن میں گزارا۔ٹربائین کی مینٹینس۔بیلہ بوسٹر پمپنگ اسٹیشن سٹینڈ بائی ڈیزل جنریٹر اور جی ٹی ون (GT-1) کی تنصیب،انہوں نے اپنی ٹیم کے ساتھ مل کر ان پراجیکٹ کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔چوہدری صاحب سروس کے آخری سال میں بیمار ہوگئے۔تقریباً 15 ماہ چھٹی پر رہے اور اپنا علاج کراتے رہے۔27 مئی کو الیکٹریکل ڈیپارٹمنٹ نے چوہدری محمد امیر کے اعزاز میں ایک الوداعی ڈنر کا اہتمام کیا۔اُس تقریب کے چیف گیسٹ جناب محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش تھے،چوہدری صاحب نے کہا، میں آئی سی آئی کے مالکان جناب محمد یونس ٹبا، جناب محمد آصف جمعہ، جناب سہیل اسلم خان وائس پریذیڈنٹ سوڈا ایش جناب ورکس منیجر محمد عمر مشتاق ، جناب ڈاکٹر محمد راشد خان انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ ای اینڈ آئی منیجر محمد منیر اقبال اور آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش کی انتظامیہ کا تہہ دل سے مشکور ہوں جنھوں نے ایسی مشکل گھڑی میں میرا ساتھ دیا، ہر لمحہ، ہر طرح کا خیال رکھا اور تعاون کیا،اور میرے علاج کے اخراجات برداشت کئے ہیں زندگی بھر اس ادارے کے لئے دعا گو ہوں اور رہوں گا جسکی وجہ سے مجھے ایک نئ زندگی ملی۔





# کیمیکلز پلانٹ شٹ ڈاؤن







آئی سی آئی کیمیکلز پلانٹ ویسٹ و ہارف، کراچی کو یکم مارچ 2016 کو سالانہ پلانٹ شٹ ڈاؤن پلان کے تحت بند کردیا گیا۔ یہ شٹ داؤن ایک لازمی امر ہے کیونکہ ہمارے مینٹیننس ڈیپارٹمنٹ کو پلانٹ کے اہم حصوں کی اوورہالنگ کرنا ہوتی ہے، اس کی گنجائش میں اضافہ کرنا ہوتا ہے اور طے شدہ توسیع کا کام بھی کرنا ہوتا ہے۔

ہفتہ بھر کی پلاننگ ستمبر 2015 میں کی گئی جس میں شفٹ کے افراد، پلانٹ اور برائکر آپریٹر کے تاثرات اور رائے حاصل کی گئی تاکہ ان کی نگرانی میں آلات کی درستگی کے بارے میں معلومات حاصل کی جائیں۔ مینٹیننس ڈپارٹمنٹ نے ان تاثرات اور آراء کی جانچ کی تاکہ وقت اور اخراجات کی حد کے مطابق پلان تیار کیا جائے۔

پلان کئے گئے بڑے کاموں میں سب سے اہم تین ٹن وزنی واٹر ٹیوب بوائکر کی حفاظتی دیکھ بھال کا کام تھا۔ بوائکر پورے عمل میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور پیداوار کیلئے اس کا ہموار اور مسلسل کام کرنا لازمی ہے۔ پوری ٹیم کے عزم و استقلال کی بدولت یہ کام مقررہ وقت کے اندر مکمل ہو گیا۔ دوسرا بنیادی کام 1.5 ٹن میٹریل کو اوپر کھینچنے والا آلہ تھا جس میں ٹوٹ پھوٹ کے آثار نظر آنے لگے تھے اور اس کی تبدیلی کا فیصلہ کر لیا گیا تھا۔ اس آلے کو کامیابی کے ساتھ اتار لیا گیا اور اس کی جگہ 2 ٹن میٹریل کا آلہ نصب کردیا گیا۔ اس کام کا بھی بروقت ہونا نہایت ضروری تھا اور یہ کام وقت پر اور حفاظت کے ساتھ مکمل ہوگیا۔

اس کے ساتھ ساتھ دوسرے آلات کیلئے علیحدہ مینٹنس ٹیمیں کام کررہی تھیں جن میں آراو پلانٹ کے غلاف کی تبدیلی، کولنگ ٹاور کی دیکھ بھال، مرتعش گیئر بکس وغیرہ شامل ہیں تاکہ وہ اگلے سال بھر تک استعمال کے لئے کارآمد رہیں۔

اس سال کے شٹ ڈاؤن کے وقفہ میں ایک نیا ایئر کمپریسر بھی پلانٹ پر نصب کیا گیا ہے تاکہ پروسیس ہوا کی ضرورت سارا سال پوری ہوتی رہے۔ پورے پلانٹ میں ڈرین چینل کے جو ڈھکن

میٹریل کی مسلسل نقل وحمل اور بھاری مشینری کی وجہ سے نقصان زدہ ہوگئے تھے، ان کو بھی اس شٹ ڈاؤن کے دوران میں تبدیل کردیا گیا۔

باہمی تعاون، سخت محنت عزم استقلال اور عملے کی ہم آہنگی اس عظیم مینٹیننس کی سرگرمی کو کامیابی سے مکمل کرنے میں نمایاں مدد گار ثابت ہوئی۔ ٹیم کا کہنا تھا کہ سپر یئرز کے تعاون اور رہنمائی کے بغیر اس کام کو اس مستعدی سے مکمل کرنا ناممکن تھا۔



# لاہور ویئر ہاؤس

آئی سی آئی پاکستان کے تقریباً تمام ہی بزنسز شاندار کارکردگی کا مظاہرہ گزشتہ کئی سالوں سے کر رہے ہیں۔ ہمارا کیمیکلز بزنس بھی ترقی کی اس راہ پر گامزن ہے۔ گزشتہ دنوں کسٹمرز کی ضروریات کے مدِ نظر لاہور میں کیمیکلز بزنس نے ایک نئی اور بڑی جگہ کا اپنے ویئر ہاؤس کیلئے بندوبست کیا جو کہ ہماری اقدار، کسٹمر کی قدر کے عین مطابق ہے تا کہ ہم اپنے کسٹمر کو جلد از جلد اس کا آرڈر کیا ہوا مال مہیا کر سکیں۔

کیمیکلز کی لاجسٹک ٹیم نے انتھک محنت کر کے 1009.4 میٹرک ٹن وزنی مال پرانے ویئر ہاؤس سے نئے ویئر ہاؤس میں منتقل کر دیا جس میں دونوں ویئر ہاؤس کے درمیان گاڑیوں کے تقریباً 93 چکر لگے۔



سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس منتقلی کے درمیان نہ تو کوئی چیز اپنی پیکنگ سے گری / چھلکی اور نہ ہی کسی قسم کا مال کو نقصان پہنچا۔ اس کے ساتھ ساتھ نہ ہی کوئی حادثہ پیش آیا۔

سیفٹی سے متعلق یہ رویہ گزشتہ 17 سال سے کیمیکلز بزنس کے آپریشن کی خصوصیت ہے۔ جس کے باعث گزشتہ کافی عرصہ سے ہمارا کیمیکلز بزنس مسلسل چیف ایگزیکٹو سیفٹی ٹرافی جیت رہا ہے۔

نئے ویئر ہاؤس میں مال کی زیادہ گنجائش ہونے کی وجہ سے بزنس کو امید ہے کہ وہ آنے والے سالوں میں اپنے اندرونی اور بیرونی اسٹیک ہولڈرز کو بہتر سہولتیں مہیا کر سکیں گے۔



# سیفٹی وفائر فائٹنگ ٹیم کی سول ڈیفنس اکیڈمی میں ٹریننگ

آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر برنس شیخوپورہ، نے سیفٹی وفائر فائٹنگ ٹیم کے تین ملازمین (عمر گیلانی، جیمس مسیح اور عنصر عباس) کو سول ڈیفنس مینجمنٹ اور انڈسٹریل ڈزاسٹر پروٹیکشن کورس کے لئے سول ڈیفنس اکیڈمی لاہور، پندرہ روزہ تربیتی کورس پر بھیجا۔

ٹریننگ میں مختلف اداروں (کہوٹہ ریسرچ لیبارٹری، پی سی ہوٹل، آواری ہوٹل، منسٹری اور ایجوکیشنل ڈیپارٹمنٹ) سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی جنہوں نے دورانِ ٹریننگ اپنے تجربات تمام شرکاء سے شیئر کئے۔

ٹریننگ میں انسٹرکٹرز صاحبان نے تمام شرکاء کو انڈسٹریل ڈزاسٹر کورس کے بارے میں مفید معلومات سے آگاہ کیا اور روزانہ مختلف موضوعات کے بارے میں تفصیل سے سمجھایا، جسکی وجہ سے تمام شرکاء کے علم میں اضافہ ہوا۔

ٹریننگ کے دوران مندرجہ ذیل مضوعات پر بحث کی گئی۔

1. سول ڈیفنس مینجمنٹ۔
2. آگ کیا ہے اور اس سے بچاؤ کے طریقے۔
3. انڈسٹری میں تباہی کی وجوہات اور اس سے بچاؤ کے طریقے۔
4. فرسٹ ایڈر کے بارے میں آگاہی۔
5. شیلٹر کی اقسام اور کنسٹرکشن۔
6. خطرات کی اقسام۔

تربیتی کورس کے اختتام پر ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں کمانڈنٹ سول ڈیفنس، لاہور نے اپنی رائے کا اظہار کیا اور تمام لوگوں کو سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا۔



# پولیسٹر میں حج کی قرعہ اندازی

پولیسٹر برنس نے اپنے یونین اسٹاف کو کمپنی حج اسکیم کے تحت حج کا موقع فراہم کرنے کے لئے 27 ویں حج قرعہ اندازی کا اہتمام مورخہ 10 مارچ 2016 ورکس کینٹین ہال میں کیا۔ جس کے نتیجے میں 8 خوش نصیب کارکنان کو حج پر جانے کے لئے منتخب کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمانِ خصوصی خالد محمود ورکس مینجر پولیسٹر برنس تھے۔ اس کے علاوہ اس تقریب میں ورکرز اور یونین عہدیداران نے بھی بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔

| | | |
|---|---|---|
| 1- محمد خالد | P.10100 | پروڈکشن |
| 2- سلطان احمد | P.10107 | پروڈکشن |
| 3- محمد عنصر | P.10172 | پروڈکشن |
| 4- ممد سفیر | P.10177 | پروڈکشن |
| 5- محمد اشفاق | P.10179 | پروڈکشن |
| 6- مقبول احمد اعوان | P.10195 | پروڈکشن |
| 7- محمد اسلم جاوید | P.10222 | پروڈکشن |
| 8- ارشد محمود | P.10230 | پروڈکشن |

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کا اور تمام مسلمانوں کا حج قبول فرمائے۔ آمین۔














# سیفٹی انوائرمنٹ اور ہیلتھ کے بارے میں علمی اشتراک



علم کی منتقلی اور جدت ایک دوسرے کے بغیر ادھوری ہے ایک صنعتی ماحول میں مصنوعاتی مماثلت علم کے اشراک میں فروغ کا باعث بنتا ہے۔

آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر نے اٹلس ہنڈا، فاطمہ فرٹیلائزر، نیسلے اور غنی گلاس کے تعاون سے سیفٹی انوائرمنٹ اور ہیلتھ کے بارے میں علمی اشتراک کے منصوبے کا آغاز کیا ہے۔ مورخہ 21 جنوری 2016 کو ان صنعتوں سے 8افراد کے وفد نے آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر کا دورہ کیا۔ جناب خرم شہزاد ایچ االیس ای اینڈ ٹریننگ مینجر، محمد علی اور یاسر رفیق نے ایچ ایس ای مینجمنٹ کے نظام کے اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے مہمانوں کو بریفنگ دی۔ وفد نے آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر بزنس کے صنعتی معیار اور ایچ ایس ای میں پیش رفت کو بے حد سراہا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس قسم کے دوروں سے باہمی تبادلہ خیال کا موقع ملتا ہے اور مسائل سے آگاہی حاصل ہوتی ہے۔

# آئی ایس او9001:2015 ٹریننگ




آئی ایس او9001 سرٹیفیکیشن کسی بھی کمپنی میں کوالٹی کے معیار کو برقرار رکھنے کا حامل ہے آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر بزنس گزشتہ 25 سال سے آئی ایس او9001 سرٹیفائیڈ کمپنی ہے اور کوالٹی کے نظام میں بہتری لانے کے لیے ہر دم کوشاں ہے۔ آئی ایس او 9001 مینجمنٹ سسٹم کی منصوبہ بندی، نفاذ اور آڈٹنگ کے ذمہ دار افراد کے علم اور مہارت کو برقرار رکھنے اور مزید بہتری لانے کے لیے تربیت ایک اہم ضرورت ہے اس ضرورت کے پیش نظر آئی سی آئی پاکستان پولیسٹر بزنس نے 6 جنوری 2016 کو فلیٹیز ہوٹل میں ایک روزہ تربیتی سیشن کا انعقاد کیا ٹرینر جناب خالد اسلم ملک نے نئے اسٹینڈرڈ اور پرانے ورژن کے درمیان فرق پر روشنی ڈالتے ہوئے 18 شرکاء کو جدید ترین ورژن سے ہم آہنگ کیا یہ ٹریننگ کمپنی کو آئی ایس او9001:2015 کے نفاذ سے متعلق کیے گئے وعدوں کی تکمیل میں تکنیکی مدد فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔





# بلندی پر کام اور سیفٹی

ایچ ایس ای اینڈ ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ نے مورخہ 18 فروری کو حسین حبیب کے تعاون سے بلندی پر کام کے دوران سیفٹی کے موضوع پر ایک تربیتی سیشن کا انعقاد کیا۔اس ٹریننگ میں مینجمنٹ نان مینجمنٹ اور کنٹریکٹر اسٹاف نے شرکت کی۔
جناب فہد فاروقی نے حسین حبیب کی جانب سے ٹرینرز کے فرائض انجام دیتے ہوئے اونچائی پر کام کرنے کے خطرات اور احتیاطی تدابیر پر احسن طریقے سے لیکچر دیا۔شرکاء نے ٹرینرز اور ایچ ایس ای اینڈ ٹریننگ منیجر کی اس کاوش کو سراہا اور آئندہ تمام احتیاطی تدابیر کو بروئے کار لا کر اونچائی پر کام کرنے کا عہد کیا۔



# بہترین لرننگ اِیونٹ



آئی سی آئی پاکستان ہمیشہ ملازمین کے لئے محفوظ اور صحت مند ماحول کو فروغ دینے کے لئے سرگرم رہی ہے۔غیر محفوظ عوامل اور غیر محفوظ حالات کی رپورٹنگ ایچ ایس ای مینجمنٹ سسٹم کا ایک اہم جزو ہے۔آئی سی آئی پاکستان میں ہر عمل ایک مخصوص پروسیجر کے تحت کیا جاتا ہے۔اگر کوئی بھی پروسیجر کی خلاف ورزی کرے تو یہ عمل غیر محفوظ سمجھا جاتا ہے اور غیر محفوظ حالات کو جنم دیتا ہے۔جو کہ کسی بھی وقت حادثے کا باعث بن سکتے ہیں۔کام کی جگہ پر ایچ ایس ای رپوٹنگ کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے ایچ ایس ای اور ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ نے ''بہترین لرننگ اِیونٹ،، پر انعام دینے کا فیصلہ کیا ہے۔اس قدم کے تحت پہلا انعام خالد محمود ورکس منیجر پولی ایسٹر بزنس نے جناب محمد شفیق (پروڈکشن آفیسر) کو پیش کیا اور ان کی بہترین کوشش کا سراہا۔

# عالمی نوٹوبیکوڈے




عالمی نوٹو بیکو ڈے اقوام متحدہ کے تمام رکن ممالک کی طرف سے 31 مئی کو ہر سال منایا جاتا ہے۔اس دن 24 گھنٹے کی مدت کے لئے تمباکو نوشی سے پرہیز کر کے اس کے استعمال سے جنم لینے والے طویل مدتی منفی اثرات پر توجہ دلائی جاتی ہے۔

31 مئی 2016 کو آئی سی آئی پولیسٹر بزنس کی جانب سے تمباکو کے استعمال کو چھوڑنے یا اس میں کمی لانے کے لئے ترغیبی کوششوں میں تیزی لائی گئی۔ٹریننگ آفیسر یاسر رفیق کی جانب سے دئے گئے ایک ترغیبی سیشن میں ٹھیکیداروں کے سیفٹی سپر وائزروں کو تمباکو کے استعمال سے صحت پر منفی اور مضر اثرات کے بارے میں آگاہی دی گئی۔تصویری مواد کے ذریعے شعور اجاگر کرنے کہ یہ کوشش انتہائی کارثابت ہوئی۔نیوکول فائر ڈبوائلر کے تین کارکنوں کا اس نشے کی عادت چھوڑ دینے کے عہد کو HSE اینڈ ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ کی کامیابی کا ایک زینہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔

# آگاہیِ صحت




پولیسٹر بزنس میں گاہے بہ گاہے صحت سے آگاہیِ (Haelth Awareness) کے سیشن کا انعقاد ہوتا رہتا ہے۔ اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے کمپنی نے پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر بلال محی الدین کی خدمات حاصل کیں۔ مورخہ 27 مئی اور 02 جون 2016 کو ورکس کینٹین ہال میں آگاہیِ صحت (Haelth Awareness) سیشنز کا انعقاد کیا گیا۔ جن میں ڈاکٹر بلال محی الدین نے شرکاء کو نہایت تفصیل سے ذیابیطس، موٹاپے اور سگریٹ نوشی کے دل پر برے اثرات سے آگاہ کیا اور ان کو کنٹرول کرنے کے طریقوں کے بارے میں بتایا۔ سیشن کے اختتام پر شرکاء نے ڈاکٹر صاحب سے صحت سے متعلق سوالات کیے جن کے ڈاکٹر صاحب نے بڑی تفصیل کے ساتھ جوابات دیئے۔

شرکاء کا کہنا تھا کہ یہ بڑے معلوماتی سیشنز تھے ان کی مدد سے ہمیں اپنی صحت کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ ہم ڈاکٹر صاحب کے مشوروں پر عمل پیرا ہونے کی پوری کوشش کریں گے تاکہ صحت مند زندگی گزار سکیں۔



اینیمل ہیلتھ ڈویژن

آپ کا مویشی۔آپ کا سرمایہ

# سومیٹک کا دوبارہ شاندار اجراء

رپورٹ: ڈاکٹر شکیل اے خان

اینمل ہیلتھ ڈویژن نے مقامی مال مویشی کی صنعت میں ہمیشہ ماحولیاتی تحفظ کے طریقہء کار متعارف کروانے میں پہل کی ہے۔ اپنی اس روایت کے تسلسل اور مال مویشی کی بھرپور استعداد کیلئے ہماری حکمت عملی کے مطابق، ڈویژن نے فروری 2016 میں کراچی میں سومیٹک کے دوبارہ اجراء کے لئے خصوصی سیمینار منعقد کئے۔ پہلے دو سیمینار کے شرکاء میں مال مویشی کے قومی مراکز ،المومن اور المدینہ ڈیری کوآپریٹیو سوسائٹی اور لانڈھی بھینس کالونی کے ڈیری فارمز کمیونٹی کے افراد بھی شامل تھے۔

مویشی کی پیداواری صلاحیت بڑھانے والی الانکو کی سومیٹک، ڈویژن کی سیلز کا بڑا حصہ ہے، لہذا لائف سائنسز بزنس کیلئے ساؤتھ ریجن کی بڑی بڑی مال مویشی منڈیوں میں اس کی تشہیر نہایت اہم ہے۔


ان سیمینار کا مقصد دہرے فائدے کا حصول تھا۔ پہلا یہ کہ ہماری سیلز ٹیم نے نچلی سطح تک کے کسٹمر کے وسیع حلقے سے ملاقاتیں کرے اور دوسرے ان کو بہترین طریقہء کار اور ایسے جدید حل متعارف کرائے کہ جن سے مال مویشی کی پیداوار میں نمایاں اضافہ ہوسکتا ہے۔ کیونکہ ہم یقین رکھتے ہیں کہ آپ کا مویشی۔ آپ کا سرمایہ ہے۔

سیمینار کا آغاز صبور احمد، بزنس منیجر، اینمل ہیلتھ ڈویژن کے استقبالیہ خطاب سے ہوا۔ صبور احمد نے کمپنی اور اس کے اقدار کے بارے میں تفصیلی تعارف پیش کیا۔

اس سیمینار کی ایک نمایاں خصوصیت سمیع کشمیری، وائس پریزیڈنٹ، لائف سائنسز اینڈ اسٹریٹجیز کی شرکت تھی۔ انہوں نے بڑھتی ہوئی آبادی کے تناظر میں ماحولیاتی تحفظ کے چیلینج کا تذکرہ کیا اور مال مویشی کی صنعت کے فروغ کیلئے سومیٹک کی خصوصیات سے آگاہ کیا۔انہوں نے خاص طور پر ڈیری فارمز کی کمیونٹی اور جانوروں کے پیشہ ور ڈاکٹروں کی اس سیمینار میں شرکت کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

استقبالیہ خطاب کے بعد، ڈاکٹر سید گلفام، سینئر ڈیری کنسلٹنٹ نے سومیٹک کے فوائد کے بارے میں ٹیکنیکل پریزنٹیشن دی۔ انہوں نے بنیادی مسائل ، جیسے فارم مینجمنٹ ، دودھ دوہنے کے طریقہء کار، غذائیت اور ماحولیاتی صورت حال کی نشاندہی کی جو سومیٹک کے ذریعے مویشی کی پیداواری صلاحیت بڑھانے میں یکساں اہمیت رکھتے ہیں۔

مال مویشی کی صنعت سے وابستہ 700 سے زیادہ افراد نے ان سیمینار میں شرکت کی اور تیکنیکی معلومات سے مستفید ہوئے۔ سیمینار کے آخر میں شرکاء کے ساتھ گفت وشنید کا دورہ ہوا جس میں سومیٹک کے بارے میں سوالات کئے گئے۔ اس موقع پر موجود آئی سی آئی کی ٹیم، خاص طور پر ڈاکٹر شہزاد مجید (بزنس یونٹ ہیڈ، لائیو اسٹاک اینمل ہیلتھ ڈویژن ) نے سوالات کے تسلی بخش جواب دیئے، اس کے علاوہ سومیٹک کی مستقبل میں دستیابی سے متعلق تشویش کا اظہار ہوا اور اس کا بھی تسلی بخش جواب دیا گیا۔ سیمینار کا اختتام ریفریشمنٹ اور شرکاء میں تحائف کی تقسیم کے ساتھ ہوا۔









اینیمل ہیلتھ ڈویژن

آپ کا مویشی ۔آپ کا سرمایہ

# جانوروں کی بحفاظت دیکھ بھال کیٹل کرش کا عطیہ

رپورٹ: ڈاکٹر عمر ستار (پروڈکٹ منیجر، لائیواسٹاک)

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اینیمل ہیلتھ ڈویژن اپنے بنیادی کاروباری اہداف کے علاوہ معاشرتی ذمہ داریوں کی ادائیگی کو بھی اپنا فرض سمجھتا ہے۔ بزنس جہاں تک ممکن ہو سکے، لائیواسٹاک کے شعبہ میں معیار کو بلند تر کرنے اور اس کی اقدار میں اضافہ کرنے کا عزم رکھتا ہے، خاص طور پر جانوروں اور وسیع پیانے پر ماحول اور مجموعی طور پر پورے معاشرے کیلئے جہاں ہماری پروڈکٹس استعمال کی جاتی ہے۔ بزنس اپنے کاروباری امور اس انداز میں انجام دینے کی کوشش کرتا ہے کہ جس میں زیادہ سے زیادہ معاشرتی، ماحولیاتی اور معاشی فائدے حاصل ہوں کمپنی اپنے ملازمین کو ان کی پیشہ ورانہ زندگی کے ہر شعبہ میں ان بنیادی اصولوں پر عمل کرنے کی تاکید کرتی ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا اینیمل ہیلتھ ڈویژن کئی شعبوں میں مصروف عمل ہے جہاں بزنس کے لوگ یہ یقین رکھتے ہیں کہ لوگوں کی زندگیوں اور اپنے اردگرد کے علاقوں کے معیار کو بہتر بنانے میں ہم مدد کر سکتے ہیں۔ ہم ان شعبوں کو فوکس کرتے ہیں جہاں ہم اپنی مہارت اور پروڈکٹس اور لوگوں کے ذریعے روزمرہ زندگی کو بہتری کر سکیں۔ اور پیشہ ورانہ معیار میں بہتری آئے۔

اینیمل ہیلتھ ڈویژن، جانوروں کی عام صحت کو بہتر بنانے میں پیشہ ورانہ افراد اور ڈیری فارمرز کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے۔ ہماری ٹیم کو یہ احساس ہے کہ جانوروں کی تشخیص اور علاج کے دوران میں ان کو صحیح طور پر نہ سنبھالنے کی وجہ سے حادثات پیش آسکتے ہیں۔ یہ حادثات جانوروں اور سنبھالنے والوں دونوں کیلئے خطرناک ہوسکتے ہیں۔ چنانچہ بزنس نے مویشیوں، ڈیری فارمز اور وٹرنری کے شعبے سے وابستہ افراد کی سیفٹی اور تحفظ کیلئے سماجی بہبود کا پروگرام ترتیب دیا جس میں ڈیری فارمز اور وٹرنری کے شعبے کے ماہرین کو جانوروں کو صحیح طریقے سے سنبھالنے کے طریقے اور مناسب اشیاء اور آلات کے بارے میں بتایا گیا۔ اس سلسلے میں پوٹھوہار اور آزاد کشمیر ریجن میں 20 عدد کیٹل کرش عطیہ کے لئے جا رہے ہیں۔ کیٹل کرش ایک شکنجہ ہوتا ہے جس میں جانور کو کھڑا کر کے اس کا معائنہ اور اگر دوائی یا انجکشن کی ضرورت ہے تو با آسانی لگایا جاسکتا ہے۔ کیٹل کرش جانور اور انسانوں دونوں کی حفاظت کے لئے ہوتا ہے۔ یورپ میں تو یہ عام ہے لیکن پاکستان میں یہ صرف بڑے اسپتالوں یا بڑے بڑے مویشی مالکان کے پاس ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ دورانِ علاج اور دیگر مواقع پر مویشی، ڈیری فارمز اور وٹرنری کے شعبے کے افراد محفوظ رہیں اور کسی کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ اس حوالے سے بزنس کی جانب سے ملک بھر سے متعلقہ لوگوں کے لیئے 20 سے زائد سیمینار اور عملی مظاہرے کیئے گئے جس میں 400 سے زائد ڈیری فارمز اور وٹرنری اور لائیواسٹاک کے علاج معالجے کے ماہرین نے شرکت کی۔

ان عملی مظاہروں میں مختلف یونیورسٹیوں کے اینیمل ہسبنڈری کے معروف ماہرین نے لکچر دیئے اور عملی طریقوں کے ذریعے تشخیص اور علاج کے دوران جانوروں کو سنبھالنے کے صحیح طریقوں سے آگاہ کیا۔

فارمرز اور جانوروں کے ڈاکٹروں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایسی کمپنی ہے، جو فارمرز کے ساتھ صرف کاروبار کیلئے نہیں بلکہ ان کی اور ان کے جانوروں کی بہتری کیلئے بھی ان سے رابطہ رکھتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں یقین آگیا کہ جو سلوگن "آپ کا مویشی ۔آپ کا سرمایہ ہے" وہ ہماری بہتری اور مفاد میں ہے۔











# اینیمل ہیلتھ ڈویژن کا سہ ماہی اجلاس









ہمارے لائف سائنسز بزنس کے اینیمل ہیلتھ ڈویژن نے جنوری2016 میں اپنا سلسلہ وار تیسرا سہ ماہی اجلاس پرل کونٹی نینٹل ہوٹل، کراچی اور راولپنڈی میں منعقد کیا۔اس کا مقصد موجودہ پروڈکٹ پورٹ فولیو میں اضافہ اوراپنے ملازمین کی تکنیکی مہارت میں بہتری کے ذریعہ معیار کو برقرار رکھنے کے عزم پر عمل درآمد کرنا تھا۔اس اجلاس کی خاص بات دونئیMSD پروڈکٹس کا اجراء اینیمل ہیلتھ ڈویژن کے پورٹ فولیو کوتقویت دینا اور مخصوص بیماریوں کیلئے بہتر علاج کی سہولت فراہم کرنا تھا۔

اجلاس کا آغازHSE&S کے مختصر بیان سے ہوا جس میں شرکاء کو ضروری حفاظتی اقدامات سے متعلق آگہی دی گئی۔صبور احمد، بزنس منیجر، اینیمل ہیلتھ ڈویژن نے اجلاس سے خطاب کیا اور گزشتہ سال سے اس وقت تک کی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا۔انہوں نے شرکاء کو بنیادی کامیابیوں کے بارے میں بتایا اور مستقبل کے منصوبوں سے آگاہ کیا۔

لائف سائنسز بزنس کے وائس پریزیڈنٹ جناب سمیع کشمیری نے اجلاس کے پہلے روز حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی انہوں نے بتایا کہ آپ اپنے مشن "We improve lives" کوجاری رکھیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری یہ دونئی پروڈکٹس لائیواسٹاک فارمرز کے جانوروں کی صحت برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کریں گیں۔

اس بریفنگ کے بعد پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر عمر، ڈاکٹر رضوان اور ڈاکٹر شکیل نے ٹیموں کو پورٹ فولیوز کے لحاظ سے الگ الگ کیا اور نئی جاری ہونے والی پروڈکٹس کے تکنیکی پہلوؤں پر گفت وشنید کی اور پرانی پروڈکٹس کی معلومات کو بھی دہرایا۔تمام پروڈکٹس کی تجارتی طور پر کامیابی کے امکانات کوتفصیل سے پیش کیا گیا جب کہ تمام حاضرین کو ہر ایک دوا کی سیلز مارکیٹنگ کی حکمت عملی کے بارے میں بتایا گیا اور معاون پروڈکٹ کے فوائد پر بھی روشنی ڈالی کیونکہ یہ پروڈکٹس ہمارے پورٹ فولیو میں امتیازی حیثیت کی حامل ہیں۔

اجلاس کا آخری دن شرکاء کے اپنے شعبوں کی سرگرمیوں پر مبنی تھا جس کا مقصد ہماری سیلز ٹاسک فورس کو دائرہ عمل کے بارے میں معلومات فراہم کرنا تھا۔جس سے ان کو مختلف اوقات میں درپیش چیلنجز کا سامنا کرنے کے قابل بنایا جاسکے اور وہ پیشگی طور پر اس کی تیاری کرسکیں۔

# اینیمل ہیلتھ ڈویژن کا یونیورسٹی آف وٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز کا دورہ










رپورٹ: ثانیہ آفتاب اور شکیل احمد خان

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے برانڈ کی مختلف شعبوں میں مستقل حیثیت برقرار رکھنے اور مختلف النوع صلاحیتوں کے حامل افراد کے انتخاب کیلئے لائف سائنسز ایچ آر ٹیم نے اینیمل ہیلتھ ڈویژن کے اشتراک سے یونیورسٹی آف وٹر نری اینڈ اینیمل سائنسز (UVAS) کے سالانہ "جاب میلہ' میں شرکت کی۔ یہ میلہ 27 جنوری 2016 کو منعقد ہوا۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اس میلے کا سب سے بڑا اسپانسر تھا جب کہ صبور احمد، بزنس منیجر، اینیمل ہیلتھ ڈویژن اس تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے۔ اس موقع پر 300 طلبہ نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹال کا معائنہ کیا جن کو کمپنی میں رجسٹرڈ کیا گیا۔ طلبہ نے پروڈکٹ رینج اور اس کاروبار میں کام کرنے میں دلچسپی کا ظہار کیا۔ یہ تقریب نہایت کامیاب رہی اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے مزید ٹیلینٹ کی دریافت کے وعدے کو پورا کیا جو اس کی شناخت ہے۔

# نیسلے کے تعاون سے ڈیری فارمز کا اجتماع

رپورٹ: ڈاکٹر شکیل اے خان

اینیمل ہیلتھ ڈویژن، فارم میں بہترین طریقہء کار اور وٹرنری سے متعلق حل کے بارے میں آگہی پیدا کرنے کیلئے ڈیری فارمز کے باقاعدہ اجتماع کا اہتمام کرتا رہتا ہے۔ اس کا ایک مقصد ان کو وانڈا کے مختلف فوائد کے بارے میں معلومات فراہم کرنا بھی ہے۔ اس سلسلے میں نیسلے کے تعاون سے جھنگ میں ڈیری فارمز کا ایک بڑا اجتماع منعقد کیا گیا جس میں 200 متوقع کسٹمرز نے شرکت کی۔ فیصل آباد کے ایریا منیجرز ڈاکٹر عبدالکبیر اور زاہد نزیر نے ڈیری فارمز کو جانوروں کی صحت کا باقاعدہ خیال رکھنے کی اہمیت کے بارے میں بتایا انہوں نے کہا کہ کمپنی کا یہ کہنا ہے کہ آپ کا مویشی۔ آپ کا سرمایہ ہے اس کے ساتھ ساتھ خاص طور پر یہ واضح کیا کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی پروڈکٹس کس طرح جانوروں کی صحت کو بہتر رکھنے میں مدد دے سکتی ہیں جس کے نتیجے میں ان کی پیدوار میں اضافہ ہوگا۔ اس موقع پر کسانوں میں پروڈکٹ کے بارے میں بروشر اور پروڈکٹ کے نمونے بھی تقسیم کیے گئے۔








## ایگری ڈویژن

### فصل شاندار۔کاشتکار خوشحال

# CIMMYT ایوارڈز کارن ہائبرڈ برائے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ

رپورٹ: خواجہ سجاد

انٹرنیشنل میز اینڈ ہیٹ امپروومنٹ سینٹر(CIMMYT) دنیا کا پہلا ادارہ ہے جہاں دو اہم غذائی اجناس مکئی اور گندم کی کاشت کے نظام پر تحقیق، اس کو بہتر بنانے اور اس کیلئے ٹریننگ کا کام ہوتا ہے۔CIMMYT میکسیکو کا ادارہ ہے جو کہ دنیا کے ترقی پذیر ممالک میں کام کررہا ہے۔اس ادارہ کا مقصد مکئی اور گندم کی بہتر پیداوار کے ذریعے دنیا میں غربت اور بھوک کا خاتمہ کرنا ہے۔

اس ادارے کے بانی امریکی نوبل انعام یافتہ ڈاکٹر نارمن بارلوگ (Norman Borlaug) ہیں اور جن کو بابائے سبز انقلاب کیا جاتا ہے۔اس سبز انقلاب کے نتیجے میں دنیا بھر میں گندم کی بہتر ورائیٹی اور فارمنگ کے طریقہ کار کو وسیع پیمانے پر اپنایا گیا۔اس سے پورے ایشیاء میں لاکھوں جانوں کو بچانے میں مدد ملی۔

پاکستان میں CIMMYT،وزارتِ برائے قومی تحفظ و تحقیق خوراک اور پاکستان کی زرعی تحقیقاتی کونسل-PARC کے اشتراک سے کام کررہی ہے۔اس نے پاکستان کے زرعی تحقیقاتی نظام کو جنوبی ایشیاء اور دوسرے ترقی یافتہ ممالک کے قومی اور بین الاقوامی اداروں سے منسلک کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

آئی سی آئی لائف سائنسز ایگری ڈویژن گزشتہ دو سال سے CIMMYT کے ساتھ مل کر کام کررہا ہے جس میں بوائی








کے پروگرام کو جانچنے کے ساتھ پروڈکٹ کی آزمائش کی جارہی ہے۔ان پروڈکٹس پر ایگری ڈویژن ریسرچ فارم ساہیوال میں آزمائش اور جانچ کی گئی۔17 فروری 2016 کو CIMMYT نے پاکستان مین بایوفورٹیفائیڈ میز ہائبرڈز کے اجراء کے لئے ایک تقریب منعقد کی۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی تحقیق اور بریڈنگ پروگرام کی گہری جانچ کے بعد CIMMYT نے مکئی کی 5 ہائی برڈ اقسام کے لئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو سرٹیفکٹ جاری کئے۔ان سرٹیفکٹ کے تحت آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو 3 یلو ہائی برڈ کارن اور 2 وہائٹ ہائی برڈ کارن کی سرپرستی کا ذمہ دار بنایا گیا۔اس کے ذریعے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو پورے ملک میں ہائی برڈ کارن کی تیاری اور مارکیٹنگ کے اختیارات بھی حاصل ہوگئے ہیں۔ان ہائی برڈز میں بنجر زمین، خشکی اور کیڑوں اور بیماریوں سے مقابلے کی صلاحیت بھی ہے اور اس کا اجراء 2017 میں متوقع ہے۔ایگری ڈویژن اس وقت سورج مکھی پر انحصار کو کم کرنے میں کوشاں ہے اور یہ سرٹیفکیشن نہ صرف اس انحصار کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ کارن مارکیٹ میں مضبوطی سے قدم جمانے میں بھی معاون ہوگا۔

ایگری ڈویژن اس وقت خاص طور پر سفید کارن مارکیٹ میں نمایاں کارکردگی کیلئے کوشاں ہے۔اور سفید کارن ہائی برڈ کی دونئی بڑی اقسام سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ زرعی کاشکاروں کیلئے بہترین انتخاب بن جائے گا۔

## ایگری ڈویژن

## فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال

# موسمی مکئی کی فصل۔ کاشتکاروں کیلئے قرعہ اندازی

رپورٹ: خواجہ سجاد سعید

آٹم کارن کے لکی ڈرا کی تقسیم انعامات کی تقریب مکئی کی کاشت کے مرکزی علاقے ساہیوال میں منعقد ہوئی۔ مہمانوں کی آمد کا سلسلہ صبح 1 بجے سے شروع ہوا اور کچھ ہی دیر میں ہال کھچا کھچ بھر گیا۔ اس موقع پر عبدالوہاب، بزنس منیجر، ایگری ڈویژن، آئی سی آئی پاکستان، عامر جاوید، پروجیکٹ منیجر ایگری ڈویژن اور صفدر حسین ریجنل سیلز منیجر، سیڈ سیگمنٹ نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ جس کے بعد جیتنے والوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔

عبدالوہاب، بزنس منیجر، ایگری ڈویژن اور عبدالغفار خانزادہ، نیشنل سیلز اینڈ ڈیولپمنٹ منیجر، سیڈز سگمنٹ نے جیتنے والوں میں 3 موٹر سائیکلز، 10 ایل ای ڈی ٹی وی، 10 موبائل فون، 10 مائکرو ویوز اور 10 یو پی ایس تقسیم کیے۔

گوجرہ کے کاشتکار محمد علی نے سب سے بڑے انعام سوزوکی مہران کی چابیاں وصول کیں۔ عبدالغفار خانزادہ، نیشنل سیلز اینڈ ڈیولپمنٹ منیجر، سیڈز سگمنٹ نے اپنے اختتامی خطاب میں جیتنے والوں کو مبارکباد پیش کی۔ تقریب کا اختتام ایک پرتکلف اور لذیذ ڈنر سے ہوا۔ اس کے بعد تمام جیتنے والے خوش نصیبوں کا گروپ فوٹو بنایا گیا۔

ایگری ڈویژن اپنے کسٹمرز کی دلچسپی اور ان کی حوصلہ افزائی کیلئے ہمیشہ ایسی تقریبات اور پروگراموں کا اہتمام کرتا رہتا ہے، جوان سے گہرے تعلقات کے اظہار کا ذریعہ ہے۔

اس وقت ایگری ڈیویژن کا سیگمنٹ ایک تبدیلی کے عمل سے گزر رہا ہے جس میں یہ سورج مکھی کی کم پیداوار والی فصل کی جگہ زیادہ مستحکم مکئی کی فصل پر توجہ دے رہا ہے۔ اس نے حال ہی میں مارکیٹ کی دو مسابقتی اقسام آٹم کارن، ہائی کارن 339 اور ہائی کارن 999 سپر دریافت کی ہیں۔ اس تقریب میں آٹم کارن سیزن کے آغاز کو نمایاں طور پر اجاگر کیا گیا۔ سیگمنٹ نے آٹم کارن کی ورائٹیز کی تشہیر اور زیادہ سے زیادہ کسٹمرز کو متوجہ کرنے کیلئے رابطہ مہم چلانے کی منصوبہ بندی کی ہے۔

پاکستان میں گیہوں اور چاول کے بعد مکئی تیسری اہم ترین غذائی جنس ہے۔ یہ ایک ملین ہیکٹرز پر کاشت کی جاتی ہے اور اس کی مجموعی پیداوار پر 4.6 ملین میٹرک ٹن ہوتی ہے۔ مکئی کی کل پیداوار کا تقریباً 60% پولٹری فیڈ میں، 25% صنعتوں میں اور بقیہ انسانوں اور جانوروں کی غذا کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ پاکستان کے محنت کش کسان صحیح معنوں مین ماحولیات کی موافق صورت حال کا پورا پورا فائدہ اٹھاتے ہیں اور ایک سال میں مکئی کی دو بھرپور فصلیں حاصل کرتے ہیں یعنی ربیع اور خریف کی فصلیں۔ موسم بہار میں مکئی کیلئے دسمبر کے وسط سے مارچ کے پہلے ہفتہ تک بوائی کی جاسکتی ہے جبکہ موسمی مکئی کی فصل کے لئے جون کے آخری ہفتہ سے اگست کے وسط تک بوائی کی جاسکتی ہے۔



















### ایگری ڈویژن

# سیڈ اینڈ ایگرو کیمیکلز ٹیموں کا اجلاس

رپورٹ: ثاقب حسین اور خواجہ سجاد

سیڈ اور ایگرو کیمیکلز ٹیموں نے اپنے سہ ماہی اجلاس بالترتیب فروری اور مارچ 2016 میں منعقد کئے۔ ان اجلاسوں کا مقصد کارکردگی کا جائزہ لینا، پروڈکٹ کی ٹریننگ اور نئے ٹیم ممبرز کو تجربہ کار ممبرز سے سیکھنے کا موقع فراہم کرنا تھا۔ عبدالوہاب، بزنس منیجر، ایگری ڈویژن نے دونوں تقریبات سے استقبالیہ خطاب کیا۔ انہوں نے ٹیم کی شاندار کارکردگی کو سراہا اور پاکستان کے زرعی شعبہ کی ترقی میں کاوشیں جاری رکھنے کیلئے ان کی حوصلہ افزئی کی۔ پھر بنیادی برانڈز کی پروڈکٹ ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا اور مختلف بڑے برانڈز (اولالا، لانسر گولڈ اور یونیرون) کے آزمائشی نتائج کے بارے میں ٹیموں کو بھی آگاہ کیا۔

تقریب کے دوران اعلیٰ ترین کارکردگی دکھانے والوں کو انعامات دیئے گئے جبکہ غلام مرتضیٰ ایریا منیجر، ڈہرکی کو اپنا سالانہ سیلز کا ہدف برائے 2015-16 حاصل کرنے والے پہلے ٹیم ممبر کا خصوصی تحفہ دیا گیا۔

# ڈیپ ریڈ کی توقع سے بڑھ کر کامیابی

رپورٹ: متین راؤ

ایگری ڈویژن کا ویجیٹیبل سیڈز کا شعبہ کسٹمر پر توجہ مرکوز رکھنے اور نتائج کے حصول پر یقین رکھتا ہے۔ اس شعبہ کی ایک پروڈکٹ ڈیپ ریڈ (گاجر کا بیج) ہے۔ ڈیپ ایڈ کے کاشکاروں کا کہنا ہے کہ اس بیج کی کارکردگی ہماری توقعات سے زیادہ ہے۔ اس سلسلے میں حفیظ قیصر، ٹیرٹری منیجر اور فخر حیات، فیلڈ آفیسر نے ٹرائل کا انعقاد کیا جس میں ڈیپ ریڈ نے رنگ، سائز اور پیداوار میں اپنی مقابلے کی پروڈکٹ سے بڑھ کر کاردکردگی دکھائی۔ اس خبر سے مقامی کاشکاروں کے حلقے میں پروڈکٹ کے بارے میں ایک جوش پیدا ہوگیا۔

ڈیپ ریڈ کے بارے میں زیادہ سے زیادہ آگاہی پھیلانے اور اس کی طلب میں اضافہ کیلئے کاشکاروں سے ملاقاتوں کے کئی دور منعقد کئے گئے۔



فارماڈویژن

# کامیابی کی راہ پر بڑھے چلو، چلے چلو




آئی سی آئی لائف سائنسز فارماسیوٹیکلز کیریئر لیڈر ایک سالانہ پلیٹ فارم ہے جو اعلیٰ صلاحیت کے حامل ٹیم ممبرز کو کیریئر میں ترقی کے مواقع فراہم کرتا ہے۔اس سال فارما ٹیم سے 15 ممبران کو10 فروری2016 کو اسیسمنٹ سینٹر میں شرکت کیلئے آئی سی آئی ہاؤس کراچی بلایا گیا۔اعلیٰ ترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو چوہدری عبید الرحمٰن، عقیل بھٹی، عون انیس اور متین امجد کے ساتھ استقبالیہ ناشتہ میں شرکت کی دعوت دی گئی۔ پھر انکو ٹیسٹ کیلئے لیجایا گیا جس کے بعد ان کی پریزنٹیشنز کو ججوں کے ایک پینل کے سامنے پیش کیا گیا جن میں متین امجد (جنرل منیجر، فاماسیوٹیکلز)، ڈاکٹر عون انیس (سیلز اینڈ مارکیٹنگ منیجر، پرائمری کیئر)، چوہدری عبیدالرحمٰن (سیلز اینڈ مارکیٹنگ منیجر، کارڈیالوجی) ڈاکٹر عقیل بھٹی (سیلز اینڈ مارکیٹنگ منیجر، اونکولوجی) اور طالب حسین فاروقی (ٹریننگ منیجر) شامل تھے۔

تمام امیدواروں کی کارکردگی شاندار رہی اور ان سب کو اپنے کیریئر میں اگلے درجے پر ترقی دے دی گئی۔ان سب کو ادارہ ہمقدم کی جانب سے مبارکباد۔

# ہائڈریشن کی تجدید نو

## آئی سی آئی پاکستان کی جانب سے پورے ملک میں OHS ہائیدریشن ٹیبلیٹس کی فراہمی

رپورٹ: عزیر خان

آئی سی آئی پاکستان کو فخر ہے کہ اس نے یو کے میں قائم ہیلتھ کیئر آؤٹ فٹ کلائی نووا (Clinova) کے اشتراک سے مارچ 2016 کے دوسرے ہفتے میں اپنا پہلا ہائیڈریشن برانڈ OHS جاری کردیا۔

یہ جدید حل ہونے والی ٹیبلٹس معیاری کھانے والی ری ہائیڈریشن نمکیات کے فارمولے پر مبنی ہیں جس میں گلوکوز، سالٹس اور الیکٹرولائٹس متوازن مقدار میں موجود ہیں۔

ہمارے سیلز ریجنز میں منعقدہ تین پرجوش اور بھرپور نشستوں میں فیلڈ فورس کو آنے والے سالوں میں برانڈ، اس کی حقیقت اور اس کی کامیابی کے بارے میں معلومات دی گئیں۔ان نشستوں میں پروڈکٹ کے بارے میں تربیت، تفصیلات اور مارکیٹنگ کے منصوبوں سے آگہی شامل تھی۔اس کے بعد 'OHS Get, Set Go' کے نام سے برانڈ سے متعلق ایک بہت دلچسپ سرگرمی کا انعقاد ہوا۔اس میں سیلز فورس کی ٹیموں نے گیم کھیلے جن میں ان کا جسمانی اور ذہنی قابلیت کا ٹیسٹ ہوا۔اس کے بعد ان کو OHS کا ایک بھرا ہوا گلاس دیا گیا تا کہ وہ پروڈکٹ کا براہ راست تجربہ حاصل کریں اور اس طریقہ کار میں بھرپور طریقے سے توانائی کے ساتھ شامل ہوجائیں۔

OHS ابتدائی طور پر اسٹرابیری اور لیمن کے دونہایت لذیز فلیور میں مارچ کے آخر سے ملک کی تمام فارمیسیوں میں دستیاب ہے۔






ہمقدم

Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics / Printed by Zamzam Enterprises